۵	۱۰۶۲۴۷	۱۰۶۲۴۲	۱۰۶۲۴۱	۱۰۶۲۵۳	۵
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ

عمومی عمل سے فائدہ اٹھانے والے اپنے پاس رکھنے والے نقش ولوح کے لیے بادی چال کے نقش کا انتخاب کریں۔

☆☆☆☆☆

حُبِ عمل خاص

سید تجمل حسین کاظمی، نیو ملتان۔

قارئین کرام! ڈھیروں دعائیں اور ابتدا اُس ذاتِ کبریا سے جس نے انسان کو علم سے نوازا۔ اُسے تمام کائنات میں عظمت سے سرفراز کیا، اپنی خلافت عطا کر کے ممتاز کیا، خدائی وصف "قوت ارادی" "تصور کی طاقت" "کن فیکون" سے ہمکنار کیا۔ اِس عطا پر ذاتِ لامکان کا جتنا بھی شکر کیا جائے کم ہو گا۔ وہ لامکان بھی مکان میں موجزن رہتا ہے۔ ظاہر بھی رہتا ہے اور پوشیدہ بھی ٹوٹا ہوا دل لامکان کا مسکن ہے، یہ جان کر بھی ہم دل آزاری کیوں کرتے ہیں کیوں بھول جاتے ہیں وہ چند جملے جو باعث تسکین ہیں مگر کسی کے لیے کتنے تکلیف دہ ہو سکتے ہیں۔ یہ تو وہی جان سکتا ہے جو ان مراحل سے گزرتا ہے۔ اپنے حسد کی خود سلگائی آگ میں اس قدر پستی میں گر جاتے ہیں کہ انسانیت بھی آہ و بکا کرتی نظر آتی ہے۔ وہ برائی جو خود سے سرزد ہو جائے، ہمیں برائی کیوں نظر نہیں آتی۔ اخلاقی اقدار سے روز بروز ہم دور کیوں ہوتے جا رہے ہیں۔ کسی کی عیب جوئی اور چغل خوری سے کیا حاصل اور اس پر بہتان بازی یہ سب روز ہی دیکھنے کو ملتا ہے۔ بہت تکلیف ہوتی ہے یہ سب دیکھ کر۔ اپنے حسد کی انا کی تسکین کی خاطر سنگین اور اخلاق سے عاری بہتان اور من گھڑت جھوٹے قصے سنا کر لوگوں سے داد وصول کرتے ہیں۔ یہ بھول جاتے ہیں کہ مکافات عمل سے بھی گذرنا پڑتا ہے۔ تم کسی کے ساتھ یہ سب کچھ کر رہے ہو کل کو خود کے ساتھ بھی یہ سب کچھ ہو سکتا ہے۔ مگر ہم یہ سب جانتے ہوئے بھی حسد میں وہ کچھ کر گزرتے ہیں جس کا سوچنا بھی کسی طور اچھا نہیں لگتا۔

ممکن ہے میرا طرز تحریر آپ کو ناگوار گزرے کیونکہ میں معاشرتی برائیوں اور اخلاقیات کو بھی آپ کے ساتھ لے کر چلنا چاہتا ہوں۔ ممکن ہے پڑھ کر کوئی بندہ بشر اصلاح کے عمل سے مستفید ہو جائے۔ جی حضرات گرامی اب آتے ہیں اصل مدعا کی طرف محبت تو وردان ہے رب کریم کا۔ مجاز ہی حقیقت اور حقیقت ہی مجاز ہے۔ محبت وہ نہیں ہے جسے ہم بے نام کر دیتے ہیں ہم تو قیر نہیں، تذلیلِ محبت کے مرتکب نظر آتے ہیں۔ محبت تو وہ ہے جہاں گلہ ہے ہی نہیں، مانگتی کچھ نہیں دے سب کچھ دیتی ہے۔ حد سے بڑھی تو طالب زرہ کم ہوئی تو مطلوب کو سمجھ نہیں کہ اتنے سے رشتے میں لڑائی ہے کہاں اور کیوں خانگی مسائل آسودگی اور پُرسکون زندگی سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ زندگی تو پیار کے لیے بھی تھوڑی ہے پھر لڑائی کیوں۔ اپنی انّا کی ضد چھوڑنے کو کوئی بھی تیار نہیں ہوتا۔ اگر تحمل سے ایک دوسرے کی بات کو سُنا جائے۔ تھوڑا سا ہی ایک دوسرے کا خیال رکھا جائے تو دائمی خوشی اور محبت میسر آ سکتی ہے۔ آئیے اب حُب سے آپ کو مستفید کرتے ہیں۔ انشاءاللہ کسی کو بھی ناکامی نہیں ہوگی۔

بعد از نماز عشاء دو رکعت نماز برائے حاجت عمل حُب گیارہ روزہ: برائے ایصال ثواب جن سے آپ کو نسبت ہے۔ نماز ادا کریں۔ تعداد نام کے اعداد کے مطابق پڑھنا ہے۔ ابجد قمری سے اعداد حاصل کر لیں۔ نوچندی جمعرات سے عمل شروع کریں۔ خوشبو اگربتی کا استعمال کریں۔ دوران عمل تصور رکھیں۔ اپنی حسبِ منشاء ایک خاکہ ترتیب دے لیں اور ذہن میں اُبھارتے رہیں۔ فارغ وقت میں بھی جب فرصت ہو خاکہ کو ذہن میں محفوظ رکھیں۔

روپیہ ہی روپیہ

وہ جو مالی معاملات میں بہتری چاہتے ہوں اور حصول دولت اور کشادگی کے طالب ہوں اِن کو سنہلا پکھراج کی انگوٹھی یا لاکٹ استعمال کرنا چاہیے۔ یہ اگر تین دانوں پر مشتمل ہوں تو زیادہ بہتر ہے۔ کاروبار، بزنس اور خوشحالی کے لیے اس کے اثرات موثر ثابت ہوئے ہیں۔

عمل: یا مسخر سخرلی محبوب قلبی بحق یا جبرائیل مدد یا اسرائیل زیر کرو فلاں بن فلاں کو مسر قلبی رکھے آ.

اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف نماز صرف پہلے روز پڑھنی ہے۔ البتہ پڑھائی گیارہ دن تک روزانہ کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو کامیابی و کامرانیاں عطا کرے۔ آمین۔

آخری حصہ

نجوم و تاریخ نجوم

فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ

بروج اور بروج میں کل ستاروں کے علاوہ ان مجموعہ النجوم / مجمع النجوم سے اوپر نیچے، آس پاس یا آگے پیچھے کچھ موٹے ستارے جو بروج کے قریب نظر آتے ہیں یا ان کی سیدھ میں قطب شمالی یا قطب جنوبی میں نظر آتے ہیں۔ ان کو لکھا گیا ہے۔ قطبی تارا، دب اکبر، دب اصغر، تنین، ذات الکرسی، قیقاؤس یا ہرساؤس وغیرہ ہر جگہ سے اور ہر برج سے برابر نظر آتے ہیں۔ بنات النعش دراصل دب اصغر کا نام ہے۔ جیسے پروین کوثریا (جھرمٹ) کہا جاتا ہے۔ اور عین الثور کو دبران کہا جاتا ہے۔ دبران کے ساتھ ثریا ہے۔ ثریا کے اوپر تکون ہے۔ جسے مثلث کہا جاتا ہے۔ اس مثلث کے نیچے برج حمل ہے۔ اور اسکے اوپر عناق الارض (بجو) ہے۔ یہ سب ثوابت ستارے پوجے نہیں جاتے تھے۔ عرب میں زیادہ تر دبران، شعری یمانی اور سہیل ستارہ کو پوجتے تھے۔ مگر بت پرستی بھی ستارہ پرستی کے ساتھ ساتھ چل رہی تھی۔ ستارہ پرست صابی تھے اور بت پرست مشرک تھے۔ پھر یونانیوں نے اسے اپنے میانہ نجوم میں (دنیا میں پہلی عقل مند اور سیانی قوم یونانی کہلائے تھے)۔ نویں برج کی علامت گھوڑا اپنایا تھا۔ (جن کو یونانیوں نے SAGITTARIUS تیرانداز کہا تھا۔ جس کا عربی ترجمہ قوس ہوا تھا۔ دراصل گھوڑا تھا۔ جسکو نظر انداز کر دیا گیا تھا۔)

گھوڑا طویل سفر کرنے کی علامت ہے۔ بادشاہ کے فتوحات اور افواج کو برق رفتار بنانے کے لئے گھوڑا بہت ضروری ہے۔ خیالات کے گھوڑے دوڑانا آپ نے سنا ہوگا۔ یہ فلسفیوں اور دانش مندوں کے لئے بطور مذاق پھبتی مشہور ہوا۔ مذہب کے نام پر جتنی جنگیں ہوئیں وہ سب گھوڑے کے زور پر جیتی گئیں۔ اس لئے ہر فوجی اپنے لئے گھوڑا میدان جنگ کے لئے تیار رکھتا تھا۔ گھوڑے پر بیٹھ کر تیغ زنی / تلوار سے لڑنا، تیروں سے دشمن پر حملہ کرنا، یونانیوں، پورتھیوں اور شاکاؤں کے علاوہ ترکوں، تاتاریوں، آریاؤں اور عربوں کا کام رہا ہے۔ ایران تو ایک بڑی سلطنت گزرا ہے۔ سائرس اعظم کا نام ابھی تک زندہ ہے۔ اسی بادشاہ ایرانی کی قبر پر سکندر اعظم متدونی نے حاضری دی تھی۔ گھوڑا جہاں طویل سفر میں بھاگتا چلا جاتا / سرپٹ دوڑتا چلا جاتا ہے اور نہیں تھکتا برداشت اور تحمل کا مظاہرہ کرتا ہے۔ وہاں یہ بادشاہ وقت کے تمام خوابوں کی تکمیل کا ذریعہ بھی ہے۔ شان و شوکت کی علامت بھی ہے۔

قدیم نجوم میں حمل کو عزم و ہمت کا مظہر قرار دیا۔ ثور کو زراعت سے منسوب کر کے رزق کی علامت دیا۔ جوزا کو اپنے ہم سروں کے درمیان تعلقات کی علامت قرار دیا۔ سرطان کو گھریلو زندگی اور اہل خانہ کی علامت قرار دیا۔ یہاں پہلی مثلث کو مکمل کیا اور اربعہ عناصر بھی مکمل ہو گئے۔ دوسری مثلث نے اسد کو جوانی اور ذمہ داری کا مظہر قرار دیا۔ افزائش نسل اور حکومت کی علامت قرار دیا۔ سنبلہ کو اپنے ماتحت افراد اور اپنی صحت اور کاروبار سلطنت کی علامت دکھایا۔ اور اس میں خوبصورت کنواری عفیفہ دوشیزاؤں یا کنیزوں کو شامل کیا گیا۔ جو بادشاہ وقت ملک کے طول و عرض سے اکٹھا کرتے تھے۔ یا عوام قتل ہونے کے خوف سے حوالے کر دیتی تھی۔ اور زندگی کی امان پاتے تھے۔ میزان کو اپنے مد مقابل اختلاف رائے رکھنے والے یا دوسرے بادشاہ کی علامت سمجھا گیا۔ یا بادشاہ وقت کا دربار اور راگ ورنگ کی مجلس کا مظہر قرار دیا گیا۔ ناچ گانے والی مغنیہ بھی اسی میں شامل تھی۔ بازار حسن بھی اس برج کے تحت بنایا گیا۔ اسی کے تابع سمجھا گیا تھا۔ عقرب کو بادشاہ وقت کو نقصان پہنچانے والے عناصر پر نظر رکھنے والے یا خاندان کی حفاظت کی علامت و مظہر کہا گیا۔ قوس کو بادشاہ کی سپاہ، فلاسفر، اساتذہ فن، مذہبی لوگ اور حتی کہ دیوتا، اوتار اور نبیوں اور آنے والے دوسرے بادشاہ / ولی عہد اور نبی کے بعد دوسرے نبی کی آمد اور اصلاح کار معاشرے کی علامت قرار دیا گیا۔ جدی کو ارکان دولت اور سوچے گئے منصوبوں پر عملی اقدام کی علامت اور عوام سے جمع کیا گیا مال

بروج	ا-حمل	۲-ثور	۳-جوزا	۴-سرطان	۵-اسد	۶-سنبلہ	۷-میزان	۸-عقرب	۹-قوس	۱۰-جدی	۱۱-دلو	۱۲-حوت
جروج کے ثوابت	۱۳	۳۰	۱۸	۰۹	۲۷	۲۶	۸	۲۱	۳۱	۲۸	۴۲	۳۴
بروج اور منازل کے نزدیک مشہور ثوابت	مثل، عناق، الارض	دبران، الغول، ھوفق، عیوق	الف الجوزا، رجل الجوزا، شعری یمانی	الفرد، المرکب، شعری، شامی	قلب الاسد، حیۃ الماء	سماک الاعزل، سماک الرامح	قنطارس، سبع، الفکہ	قلب عقرب، شولہ، الجاث	نسر الواقع، نسر الطاز	دلفین، ذنب، الدجاجۃ، عقاب	الفرس، مرکب، سا[illegible]، الملک، حمالہ	فم الحوت، حمالہ، قفقس

ودولت اور خزانہ مراد کیا گیا۔ یہ شاہی محل بھی ہوسکتا ہے۔ دلو کو موسم بہار دوست احباب اور خوشیوں اور خوشحالی کی علامت کہا گیا۔ یہ خود مختیاری، الہامات، القاد والہام اور اعلیٰ خیالات وتخیلات اور حقائق کی علامت ہے۔ حوت ان خفیہ دشمنوں کی علامت ہے جو چھپ کر بادشاہ وقت کے خلاف سازشیں کر کے بادشاہ کو قتل کرنے یا حکومت گرانے کی کوشش کرتے تھے۔ دشمن کی چال ایسے جیسے مچھلی پانی میں چلتی ہے اور کسی کو خبر نہیں لگتی۔ مچھلیاں ٹولیوں کی شکل میں رہتی ہیں۔ حوت بھی مچھلی ہے سمک بھی مچھلی ہے۔ ان بارہ بروج میں پہلا برج حمل کو کس نے اول برج قرار دیا تھا تو تاریخ بتاتی ہے کہ یہ بات بابلیوں کو پتا تھی کہ برج حمل میں دن رات اور گرمی سردی برابر ہوجاتی ہے۔ اور موسم خوشگوار ہوتا جاتا ہے۔ نمرود بادشاہ بھی جشن کرواتا تھا۔ ایرانی قدیم آریا قوم ان دنوں جشن مناتے تھے۔ اور پورے بارہ روز مناتے تھے۔ پھر یہ ساتھ روز تک ہوگیا۔ پھر ساسانی دور کے بعد صفوی بادشاہوں نے تیرہ روز کا کردیا۔ یونانیوں کو یہ بات اناکسی مندوولس/اناکسی میذر نے بتائی تھی۔ وہ ثالیس ملطی کا ہم عصر تھا۔ اس کا زمانہ زندگی ۶۱۰ تا ۵۴۷ قبل مسیح ہے۔ اس نے دائرۃ البروج اور نقطہ اعتدالین (نقطہ اعتدال ربیع اور نقطہ اعتدال خریف) متعین کیا اور اپنے مشاہدہ سے سورج کا اعتدال ربیع اور خریف پر آنے یا انقلابین وغیرہ معلوم کیا۔ گویا یونانیوں کو علم نجوم اسی آدمی نے درست کر کے دیا اور قدیم دیومالائی قصوں سے بروج کے نام بنا کردیے۔ یونانیوں کے پاس علم نجوم بابل سے براستہ مصر پہنچا تھا۔ بابل سے ایران اور ترکی کے راستے یونان پہنچا۔ پھر یونان سے پوری دنیا میں علم نجوم پھیلا۔ آج ہر کسی کے پاس یونانی نجوم ہے۔ ہندوستان کا علم نجوم جو ویدک نجوم بھی کہلاتا ہے کیونکہ یہ مذہب میں شامل ہے۔ ہندی نجوم بابلی ہے، مصری ہے یا یونانی ہے یا پھر ہندوستان کا ذاتی علم ہے۔ اس بارے میں کوئی نہیں جانتا۔ البتہ اتنا کہا جاسکتا ہے کہ دنیا میں قدیم آبادی بابل کی ہے اور اولاد حضرت نوح علیہ السلام قدیم ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام کا مسکن قدیم سرزمین بابل/اق ہے۔ لہذا ہندوستان کا علم نجوم حضرت نوح علیہ السلام کے پڑپوتے سند اور ہند کے ذریعے پہنچا تھا۔ ابتدائی نجوم دنیا کا ہر خطہ اور ہر قوم جانتی رہی ہے اور اب بھی جانتی ہے۔ البتہ علم نجوم کے دیگر حسابی قواعد جاننے کیلئے الگ تعلیم حاصل کرنا پڑتی ہے۔ جو نجوم کے علم کے قواعد کلیات جانتا تھا وہ منجم کہلاتا تھا۔ ہندوستان میں یہ علم ویدوں اور پنڈتوں کے پاس ہوتا تھا۔ وہ اس علم کو چھپا کر رکھتے تھے۔ ابوریحان البیرونی نے بڑی محنت اور ہوشیاری سے ملتان کے منجم ولبھ سے سنسکرت کی زبان میں علم نجوم ہندی قواعد وکلیات کے ساتھ سیکھا تھا۔ یونان میں نجوم ۳۶۵ دن ۶ گھنٹے کا ہوتا تھا۔ ہندوستان والوں نے یہ وقت ۳۶۵ دن ۶ گھنٹے ۱۲ منٹ ۳۶ سیکنڈ یا ۳۶۶۵۵۸۵۲ سیکنڈ تسلیم کیا۔ یونان اور ہندوستان کے سال شمسی میں وقت کی کمی یا بیشی سے اعتدال ربیع یعنی نقطہ اول/درجہ اول حمل میں اختلاف ہوجانے پر دو الگ الگ مکتب فکر نجوم ہوگئے۔ یونانی نجوم مکتب

مکمل شہنشاہی کوک شاستر

ایک سو ساٹھ تصاویر پر مشتمل وید رتن پنڈت کمند لعل جی وید کی یہ قدیمی کوک شاستر کے مصنف ہیں اور راجہ کے درباری حکیم و وید تھے۔ اس کتاب میں مختلف قسم کی عورتوں کا بیان، عمر کے حساب سے حالات کا بیان، سر، بال اور دیگر اعضاء انسانی کا قیافہ، عورتوں کے اُمور کا بیان، مختلف زنانہ امراض کا علاج، مردوں اور مردانہ امراض کا بیان بمعہ علاج، طاقت وغیرہ کے متعدد نسخے۔ کشتہ، طلاء اور ادویات کا بیان، زچگی کے مسائل و اُمور کا بیان اور آخر میں دوبارہ امراض کا علاج خاص نسخہ جات سے اور موضوع کے حوالے سے متعدد امورات کا بیان اس کتاب کا حصہ ہے۔

فکر اور ہندی نجوم مکتب فکر وجود میں آگیا۔ یونانی نجوم نے اربعہ عناصر پر انحصار کیا اور ۲۸ منازل قمری ودیگر سیارگان کے لئے بناڈالیں۔ جبکہ ہندی نجوم نے ماہیت پر انحصار کیا اور ۲۷ منازل قمری ودیگر سیارگان کے لئے بناڈالیں۔ گویا جس ترتیب سے بروج کو رکھا گیا ہے۔ اسی ترتیب سے منازل کا استخراج ہوا ہے۔ پہلا طریقہ یونانیوں کا ہے۔

۱۔حمل	۴۔سرطان	۷۔میزان	۱۰۔جدی
۲۔ثور	۵۔اسد	۸۔عقرب	۱۱۔دلو
۳۔جوزا	۶۔سنبلہ	۹۔قوس	۱۲۔حوت
۱۔شرطین	۸۔نثرہ	۱۵۔غفرہ	۲۲۔ذابح
۲۔بطین	۹۔طرفہ	۱۶۔زبانہ	۲۳۔بلع
۳۔ثریا	۱۰۔جبہہ	۱۷۔اکلیل	۲۴۔سعود
۴۔دہران	۱۱۔زہرہ	۱۸۔قلب	۲۵۔اخبیہ
۵۔ہقعہ	۱۲۔صرفہ	۱۹۔شولہ	۲۶۔مقدم
۶۔ہنعہ	۱۳۔عوا	۲۰۔نعائم	۲۷۔موخر
۷۔ذراع	۱۴۔سماک	۲۱۔بلدہ	۲۸۔رشا

اور دوسرا طریقہ ہندوستانیوں کا ہے۔

۱۔حمل	۵۔اسد	۹۔قوس
۲۔ثور	۶۔سنبلہ	۱۰۔جدی
۳۔جوزا	۷۔میزان	۱۱۔دلو

۴۔سرطان	۸۔عقرب	۱۲۔حوت
ا۔شرطین	۱۰۔جبہہ	۱۹۔شولہ
۲۔بطین	۱۱۔زبرہ	۲۰۔نعائم
۳۔ثریا	۱۲۔صرفہ	۲۱۔بلدہ
۴۔دبران	۱۳۔عوا	۲۲۔بلع
۵۔ہقعہ	۱۴۔سماک	۲۳۔سعود
۶۔ہنعہ	۱۵۔غفرہ	۲۴۔اخبیہ
۷۔ذراع	۱۶۔زبانہ	۲۵۔مقدم
۸۔نثرہ	۱۷۔اکلیل	۲۶۔مؤخر
۹۔طرفہ	۱۸۔قلب	۲۷۔رشا

جس میں بائیسویں منزل ذابح حذف ہوجاتی ہے کیونکہ ہندی منازل ۳۸دقیقہ ۳۴ثانیہ ۱۷ثالثہ بڑی ہوتی ہیں۔ ہندی منزل ۱۳درجہ ۲۰دقیقہ کی ہوتی ہے۔اسطرح ۳۶۰درجات یابارہ بروج میں ۲۷منازل بن سکتی ہیں۔حمل تا سرطان تک ۱تا۹ منازل، اسد تا عقرب ۱۰ تا ۱۸ منازل اور قوس تا حوت ۱۹ تا ۲۷ منازل ہوتی ہیں جبکہ یونانی منزل ۱۲درجہ ۵۱دقیقہ ۲۵ثانیہ ۴۳ثالثہ کی ہوتی ہیں۔ اس طرح ۳۶۰درجات یابارہ بروج میں ۲۸منازل بن سکتی ہوں۔حمل تاجوزا تک ۱تا۷منازل، سرطان تا سنبلہ ۸تا۱۴منازل، میزان تا قوس ۱۵تا۲۱منازل اور جدی تا حوت ۲۲تا۲۸منازل ہوتی ہیں۔گویاہندی نجوم کواربعہ عناصر پر تقسیم کیا گیااور یونانی نجوم کو ماہیت پر تقسیم کیا گیا۔جبکہ بظاہر یوں نظر آتا ہے کہ ہندی نجوم ماہیت پر تقسیم ہے اور یونانی نجوم اربعہ عناصر پر تقسیم ہے۔عربوں نے تو ہندی نجوم کو قبول نہیں کیا۔ ہندی نجوم تو کفروشرک کی بنیاد پیدا کرتا ہے۔البتہ کچھ قواعد ایسے ہیں۔ جن کو مسلمانوں نے قبول کیا تھا۔ ہندی نجوم عرب میں سندھ کے ایک آدمی منکا جو سندھ کے راجہ کا سفیر تھا۔اس نے ابوجعفر منصور کے دربار میں برہم گپت کی مشہور کتاب سدھانت پیش کی تھی۔عربوں کے پاس بھلمالہ کے برہم گپت کی کتاب کھنڈکھاؤ یکہ جو۶۶۵ء میں لکھی گئی تھی۔وہ یزدگردسوم انیردجردسوم کے زمانہ میں پہنچی تھی۔پھر آریہ بھٹ کی کتاب آردھِ راتریکہ (آدھی رات) کے مطابق لکھی گئی کتاب پہنچی۔کھنڈکھاؤیکہ کا ترجمہ عربوں نے زیچ الاءکند کیا تھا۔۷۴۲ء میں ایک کتاب کا ترجمہ سنکرت سے عربی زبان مین زیچ الہرقن کے نام سے ہوا۔سدھانت کا ترجمہ السنذ ہندالکبیر کے نام سے ۷۷۱ء کے بعد ہوا۔کیونکہ وہ اس سال شمسی عیسوی میں بغداد کے بادشاہ منصور کے دربار میں پہنچی تھی۔پھر اس کا ترجمہ مہاسدھانت کے نام سے ہوا۔۷۷۷ء میں کتاب ترکیب الافلاک اور کتاب العلل لکھی گئیں۔جن میں ہندی اور ایرانی اثرات ونظریات کو ملاکر ایک نیا امتزاجی نجوم وجود میں لایا گیا۔پھر فارسی دانوں نے نجوم میں کتابوں کا انبار لگادیا۔ایران والوں کے پاس ہندوستان کے علاقہ سندھ ہے۔نجوم ہندی پہنچ چکا تھااور پہنچ رہاتھا۔شاکا تقویم جس کو شاکا قبائل والوں نے ۷۸عیسوی سے بنایا تھا۔وہ اس علاقے میں موجود تھے۔انہوں نے نجوم کا تبادلہ ہند سے فارس کی طرف کیا تھا۔بابل سے فارس اور عرب علاقوں تک نجوم پہنچ چکا تھا۔جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ میں نجوم کا چرچا تھا۔وہ بھی دیکھ لیتے تھے کہ آج کا دن کیسا گزرے گا۔یہ ماہ یا یہ سال کیسے گزرے گا دیکھیے حضرت ابراہیم علیہ السلام جب مردوک بمقام اُر کے بت اول/بت اعظم بعل اور باقی آٹھ بتوں کو توڑنے کا ارادہ فرمایا تو وہی روز انتخاب کیا۔جب وہاں ایک جشن تھا۔اورآپ کی قوم نے اسی جشن/میلے میں آپکو شامل ہونیکی دعوت دی تھی لیکن آپ نے عذر معقول یہ تیار کیا کہ میں آپ کے علم سیارگان کی روشنی میں کل بیمار ہوچاہتاہوں۔اس لئے جشن میں شامل ہونے سے معذور یا قاصر ہوں۔یہ عذرسن کردعوت کنندگان خاموش ہوگئے یامان گئے تھے۔گویاعلم نجوم پرانہیں اتنااعتماد تھااور یقین تھا۔عرب میں نجوم اور جادو کے ماہر زیادہ تر یہودی تھے۔حضرت محمد ﷺ کے زمانہ میں لبید بن عاصم یہودی جادواور نجوم کا ماہر تھا۔جادو نجوم کے علم کے بغیر نہیں ہوسکتا۔اس لئے نجوم کو جادو کا حصہ کہا جاتا ہے۔

لیکن یہاں یہ دیکھنا ہے کہ اس وقت بھی ہندی نجوم اور یونانی نجوم کا اختلاف تھا۔ اگر تھا تو کس قدر تھا۔تو جاننا چاہیے کہ یونانی نجوم کے ماہرین نے دریافت کیااور اتفاق کیا کہ سائرل فیگن کے بقول ہندی نجوم اور یونانی نجوم کے مطابق اعتدال ربیع میں تفاوت/فرق 71سال 6مہینے میں ایک درجہ کا پڑ جاتا ہے۔چنانچہ سائرل فیگن کے مطابق ۲۲۱عیسوی میں ہندی نجوم اور یونانی کا اعتدال ربیع ایک ہی تھا۔اس بنا پر آج کل ۲۵دن کا فرق پڑچکا ہے۔عیسوی تقویم کے مطابق ۲۱مارچ کو اعتدال ربیع یونانی ہوتا ہے۔اسکے ۲۵روز بعد ۱۴اپریل کو ہوتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ کچھ محققین تاریخ عالم نے انبیاء کرام کا زمانہ قبل از عیسی علیہ السلام دریافت کرنا چاہا ہے۔انکی تحقیق کے مطابق نقطہ اعتدال ربیع بمطابق ہندی/نزیانہ نجوم تفاوت عیسوی گریگوری تاریخ کے مطابق تاریخ اعتدال دی گئی ہے۔چنانچہ اگر یہ عین درست نہیں ہیں تو کم از کم قریب ترین حالت درست ہیں۔

نمبرشمار	حضرات انبیاء کرام	زمانہ قبل از مسیح	قبل از اعتدال ہندی ویونانی	ایام فرق	تاریخ اعتدال
۱	حضرت آدم علیہ السلام	یہودری روایت دس ہزار سال	۱۰۲۲۱سال قبل	۴۳	۲۹نومبر
۲	حضرت نوح علیہ السلام	۳۸۳۲ تا ۲۸۸۲	۴۰۵۳سال قبل	۵۶	۲۵جنوری
۳	حضرت صالح علیہ السلام	۲۴۴۵ تا ۲۱۶۵	۲۶۶۶سال قبل	۳۷	۱۳مارچ

۴	حضرت ابراہیم علیہ السلام	۲۱۶۰تا ۱۹۸۵	۲۳۸۱سال قبل	۳۳	۱۷فروری
۵	حضرت لوط علیہ السلام	۲۱۳۰ تا۲۰۶۰	۲۳۵۱سال قبل	۳۳	۱۷فروری
۶	حضرت اسماعیل علیہ السلام	۲۰۷۴تا ۱۹۳۷	۲۲۹۵سال قبل	۳۲	۱۸فروری
۷	حضرت اسحاق علیہ السلام	۲۰۶۰تا ۱۹۶۰	۲۲۸۱سال قبل	۳۲	۱۹فروری
۸	حضرت یعقوب علیہ السلام	۲۰۰۰تا ۱۸۵۳	۲۲۲۱سال قبل	۳۱	۱۹فروری
۹	حضرت یوسف علیہ السلام	۱۹۲۷تا ۱۸۱۷	۲۱۴۸سال قبل	۳۰	۲۰فروری
۱۰	حضرت شعیب علیہ السلام	۱۷۰۰تا ۱۶۰۰	۱۹۲۱سال قبل	۲۷	۲۳فروری
۱۱	حضرت ایوب علیہ السلام	۱۵۰۰تا ۱۳۰۰	۱۷۲۱سال قبل	۲۴	۲۶فروری
۱۲	حضرت موسیٰ علیہ السلام	۱۵۲۰تا ۱۴۰۰	۱۷۴۱سال قبل	۲۴	۲۶فروری
۱۳	حضرت یوشع علیہ السلام	۱۳۰۰تا نامعلوم	۱۵۲۱سال قبل	۲۱	یکم مارچ
۱۴	حضرت سلیمان علیہ السلام	۹۲۴تا نامعلوم	۱۱۴۵سال قبل	۱۶	۶مارچ
۱۵	حضرت الیاس علیہ السلام	۹۰۰ تا۸۴۵	۱۱۲۱سال قبل	۱۵	۷مارچ
۱۶	حضرت الیسع علیہ السلام	۸۷۵ تا۷۸۰	۱۰۹۶سال قبل	۱۵	۷مارچ
۱۷	حضرت ذوالکفل علیہ السلام	۶۲۴تا ۵۴۹	۸۴۵سال قبل	۱۲	۱۰مارچ
۱۸	حضرت یحیٰ علیہ السلام	پہلی صدی عیسوی تک	۰۲۲۱سال قبل	۰۳	۱۹مارچ
۱۹	حضرت عیسیٰ علیہ السلام	پہلی صدی عیسوی سے	۰۲۲۱سال بعد	۰۰	۲۱مارچ
۲۰	حضرت محمد ﷺ	۲۲/۲۰ اپریل ۵۷۱عیسوی	۳۵۰سال بعد اعتدال ربیع	۰۴	۲۵/۲۴ مارچ

بمطابق ایک روایت تورات کے حضرت آدم علیہ السلام کے ۱۰۵۶سال بعد حضرت نوح علیہ السلام پیدا ہوئے اور بعض کے نزدیک ۲۲۴۲سال کا فاصلہ ہے۔ جو طوفان نوح کی صورت میں ہے۔ اگر حضرت نوح علیہ السلام کی پیدائش ۳۸۳۲ قبل عیسوی میں ۱۰۵۶ شامل کر لیں تو ۴۸۸۸سال قبل مسیح کا وقت دریافت ہو جاتا ہے۔ ۴۸۸۸سال قبل مسیح سے اعتدال ربیع ہندی اور اعتدال ربیع یونانی میں ۶۸ روز کا فرق پڑ جاتا ہے۔ اعتدال ربیع یونانی بمطابق عیسوی گریگوری تقویم سے ۶۸ روز قبل ۱۲/ ۱۳مارچ سے شروع ہوگا اور اسی تاریخ سے بکرمی تقویم بھی شروع کی گئی ہے۔ چنانچہ اس بارے میں کچھ معلوم نہیں کہ بکری تقویم کو حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ کے اعتدال برج حمل سے بنایا گیا ہے۔ یا محض اتفاق ہے۔ اسے بکرماجیت راجہ کے تخت نشینی/سال جلوس سے بکرمی تقویم کا سن شمار کیا گیا ہے جبکہ یہ تقویم بہت بعد میں وضع ہوئی ہے یہ اس وقت وضع ہوا جب اسکی سمت ۸۹۸ بنتی ہے یعنی ۲۲۷ ہجری میں وضع ہوا۔ موجودہ عیسوی شمسی کیلنڈر دراصل پرانا رومی کیلنڈر ہے۔ قدیم عیسوی تقویم یکم جنوری ۱ء بروز ہفتہ سے شروع ہوئی تھی۔ جو ۳۶۵ دن ۶ گھنٹے پر تھی۔ بعد میں ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۲۸ منٹ ۴۶ سیکنڈ پر موجودہ عیسوی گریگوری کیلنڈر کو یکم جنوری ۱ء عیسوی بروز پیر سے جاری کیا گیا ہے۔ اس کیلنڈر کے مطابق نقطہ اول حمل بمطابق ہندی طریقہ نجوم یونانی طریقہ نجوم سے ۳ دن اور تقریباً ۳ گھنٹے قبل پڑتا تھا۔ آپ یکم جنوری ۱ء کا زائچہ بمطابق یونانی قاعدہ ملاحظہ فرمائیں اور اسی کے مطابق برج قوس کا زائچہ بھی ملاحظہ فرمالیں۔ یہ عیسوی گریگوری تقویم کا پہلا برج قوس کا زائچہ ہے کیونکہ تقویم برج جدی کے ۱۰ درجہ سے شروع ہوئی تھی۔ مضمون مکمل ہوا۔

☆☆☆☆☆

دشمنوں کا خوف

اگر آپ ایسی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں جس میں ہمہ وقت مخالفین اور دشمنوں کا خوف اور دہشت آپ کے سر پر سوار رہتی ہے تو پھر جواہرات کے حوالے سے بلڈ سٹون کا استعمال آپ کی ذہنی رو کو طاقت دینے اور مخالفین کے غلبے کو توڑنے کے لیے موثر رہے گا۔ دشمنوں سے بچاؤ، اِن کے غلبہ، دہشت اور خوف وغیرہ کے خاتمے کے لیے اس سحری جوہر سے مدد لی جاسکتی ہے۔

یونس مانسہروی، کراچی۔

نقش شفاء

اللہ جل شانہ کی حمد وثنا اور سرکار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ پاک میں لاکھوں ہدیہ درود وسلام کے بعد روحانیات میں ہر مسئلہ، مشکل، دکھ اور تکلیف کا حل اور علاج موجود ہے۔ اس مرتبہ ہم ایک انتہائی تکلیف دہ مرض کے لیے نقش پیش کرتے ہیں مکمل آداب وشرائط کے ساتھ کرنے والے فیض حاصل کریں گے اور یہ مرض ہے بواسیر کا۔ انتہائی تکلیف دہ اور پریشان کن مرض ہے۔ جو طلسم ہم پیش کر رہے ہیں۔ اسے آپ اکتالیس دن بعد نماز عشاء ایک سو ایک طلسم روزانہ لکھیں گے۔ لکھنے کے دوران اگربتی جلتی رہے۔ ہر روز کے طلسم ایک ہی دفعہ اکتالیسویں روز یا روزانہ کسی نہر یا دریا میں آٹے میں مکس کر کے ڈالیں گے۔ زکوۃ ادا ہونے کے بعد آپ اسے کام میں لا سکتے ہیں۔ طلسم یہ ہے۔

٢١٩ ٤ ٢ ٥

زکوۃ پوری ہونے کے بعد یہ طلسم لکھ کر زوال کے بعد کمر پر باندھ لیں۔ تعویذ پشت پر رہے۔ عمل پورا ہو جائے تو جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب اور ادارہ راہنمائے عملیات اور اس فقیر کو دعاؤں میں یاد فرمائیں۔

دردسر

آج کے ان نامساعد اور پُرفتن دور میں رنگارنگ تکلیف اور مصائب کے ساتھ امراض کا سلسلہ بھی دارز ہوتا جا رہا ہے۔ پرانے امراض اپنی جگہ جدید دور میں کینسر، ایڈز، ڈینگی بخار اور نجانے اور کون کون سے نئے مرض پیدا ہو گئے ہیں۔ ان امراض میں ایک مرض پورے یا آدھے سر کا درد ہے۔ ہم آدھے سر کے درد کا بہت مجرب اور موثر علاج لکھ رہے ہیں۔ یہ نقش بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ نقش روزانہ لکھیں گے۔ نقش لکھنے کے دوران اعلیٰ قسم کی اگربتی برابر جلتی رہے۔ نقش نو دن لکھنا ہیں یہ اس نقش کی زکوۃ ہے۔ زکوۃ ادا ہونے کے بعد یہ نقش لکھ کر موم جامہ کر کے سر میں جس طرف درد ہو اس طرف باندھیں، درد فوری طور پر ختم ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

نقش مشکل کشا

بقول غالب "ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پر دم نکلے" سو آج کے اس دور میں ہر شخص پریشان ہے۔ کسی انسان کو ذہنی اور قلبی سکون حاصل نہیں ہے۔ ہر شخص دوڑ رہا ہے لیکن جو چاہتا ہے وہ ہوتا نہیں۔ جو مانگتا ہے وہ ملتا نہیں۔ جو ضرورت ہے وہ پوری نہیں ہوتی۔ آخر سہارا صرف اللہ تعالیٰ کا رہ جاتا ہے۔ ہم آپ کی خدمت میں جملہ حاجات کے لیے انتہائی موثر نقش پیش کرتے ہیں۔ نو چندی جمعرات کو بعد نماز عشاء کوئی اچھی خوشبو جلائیں اور دو رکعت نفل) برائے ثواب سرکار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم پڑھیں۔ اس کے بعد تین سو دس نقش نو دن روزانہ لکھیں۔ اگر ہو سکے تو روزانہ نقش کسی جھیل، دریا یا نہر میں آٹے کے ساتھ مکس کر کے ڈالیں اگر روزانہ نہ ہو سکے تو آخری دن تمام نقوش آٹے میں مکس کر کے ڈالیں۔ آخری روز کا آخری نقش لکھ کر دو نفل پڑھیں اور عمل میں کامیابی کی دعا مانگیں۔ آپ یقیناً اس کے عامل ہو جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا میکائیل (دائیں جانب) — یا رفتمائیل (بائیں جانب)

١٨٢٠	١٢٣٨٩١	١٦
١١٢	١٢٢٣٩٣٠	٣٦
٣٢٠	یاباسطیا جبرائیل	١١٣

ایاک نعبدو ایاک نستعین

زائچہ جات حالاتِ زندگی وغیرہ

بچے کا نام/صدقہ وغیرہ	علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ نام استخراج کرنے کے ساتھ یہ بھی راہنمائی کر دی جاتی ہے کہ نو مولود کے زائچہ کے حوالے سے کون سا صدقہ زائچہ کی نحوست کے خاتمہ کے لیے بہتر ہوگا۔ اپنا برج معلوم کرنے کے خواہش مند بھی اس کے تحت معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
خوش قسمتی کا پتھر	خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟ حصول صحت، رد سحر اور دیگر مسائل کے حل کے لیے موزوں پتھر کا انتخاب کروانے کے لیے نام، والدہ کا نام، تاریخ، وقت اور مقام پیدائش ارسال کر کے خوش قسمتی کا پتھر معلوم کریں۔
وقتی زائچہ	مستقبل کے حوالے سے کسی ایک خاص معاملے یا امر کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے لیے زائچہ سوال بنایا جاتا ہے۔ متعلقہ معاملہ سے متعلق تمام سوالوں کے جواب اس زائچے سے دیئے جائیں گے۔
زحل مشتری اور آپ	کوئی بھی فرد زحل کے اثرات کی کارستانیوں (مثلاً ساڑھ ستی اور ڈھایہ وغیرہ) سے انکار نہیں کر سکتا۔ ہر فرد زحل کی نحوست سے بچنے اور مشتری کی سعادت سے فائدہ اٹھانے کا خواہش مند ہوتا ہے۔ اگر آپ یہ جاننے کے خواہش مند ہوں کہ زحل اور مشتری آنے والے سالوں میں آپ کو کیوں اور کیسے متاثر کریں گے تو یہ رپورٹ حاصل کریں۔ یہ رپورٹ زحل و مشتری کے تحت متفرق معاملات کے بیان کے علاوہ دفع نحوست کے لیے عمومی مشاورت، صدقات، جواہرات، عملیات اور وظائف کا بیان بھی لیے ہوئے ہوگی۔
23 اُمور کی رپورٹ	زندگی کے درج ذیل 23 اہم امور پر یہ نجومی رپورٹ پیدائشی زائچے کی روشنی میں تیار کی جاتی ہے۔ 1۔ مزاج و کردار 2۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات 3۔ محبت اور رومانس 4۔ مشاغل 5۔ صحت 6۔ مالی حالت 7۔ طریق زندگی 8۔ کیریئر 9۔ روزگار 10۔ خوش قسمتی کا پتھر 11۔ خوش قسمتی کی دھات 12۔ خوش قسمتی کا دن 13۔ خوش قسمتی کا رنگ 14۔ آپ کا برج 15۔ آپ کا کوکب 16۔ اسم الٰہی برائے ذکر 17۔ زائچہ پیدائش 18۔ شرف و ہبوط کواکب 19۔ خوش قسمتی کا عدد 20۔ خصوصی صدقات 21۔ قمری برج/کوکب اور اس کے اثرات 22۔ شمسی برج/کوکب اور اس کے اثرات 23۔ طالع برج/کوکب اور اس کے اثرات۔
تقدیر: پیدائشی زائچہ	بوقت پیدائش آسمان پر موجود کواکب مختلف انداز اور طریقوں سے انسانی زندگی کے ہر پہلو پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس رپورٹ میں تمام کواکب یعنی قمر، شمس، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل، یورانس، نیپچون اور پلوٹو کی آپ کے زائچہ میں مختلف بروج اور گھروں میں موجودگی کے اثرات کو بیان کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ان کواکب کی آپس میں، طالع اور عاشر سے بننے والی نظرات کو بمعہ تمام گھروں کے حاکموں کے دوسرے گھروں میں قابض ہونے سے پیدا ہونے والے اثرات کو بھی بیان کیا جائے گا۔ آپ کے پیدائشی زائچہ کا مکمل جائزہ۔
سالانہ زائچہ	کیا آپ اس بات کو جاننا چاہتے ہیں کہ موجودہ اور آنے والے وقت میں کواکب کی فطری حرکت کس انداز میں آپ کی زندگی پر اثر انداز ہوگی؟ آپ کے آنے والے ماہ و سال آپ کے لیے کیا لے کر آ رہے ہیں؟ آپ کو کن حالات اور واقعات سے واسطہ پڑ سکتا ہے؟ یہ سب کچھ جاننے کے لیے یہ رپورٹ آپ کے لیے حد درجہ مفید ثابت ہوگی۔ یہ رپورٹ سالانہ ادوار کی بنیاد پر تیار کی جاتی ہے۔ اس رپورٹ کی مدد سے آپ اپنی زندگی کو بہتر طور پر پلان کر سکیں گے اور زیادہ بہتر نتائج حاصل کر سکیں گے۔

نمونہ کی رپورٹ آپ دفتر آ کر یا ہماری ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔ www.khalidrathore.com

U-102

مخدوم پیر محمد مٹھا شاہ، ڈیرہ غازی خان

عملیات مجربہ

برائے یرقان

اگر کوئی شخص یرقان کے عارضے میں مبتلا ہو تو یہ نقش پانی میں گھول کر پیئے ایک عدد گلے میں ڈالے۔

٥	١٦	٢	١١
١٠	٣	١٣	٨
١٥	٦	١٢	١
٤	٩	٧	١٤

برائے خواب

جو شخص خواب میں پریشان ہوتا ہو اور خواب یا نیند میں ڈرتا ہو تو یہ نقش مشک و عنبر سے تحریر کر کے گلے میں ڈالیں۔

٨و	١٩ل	٢٢ط	اح
٢١ی	٢ط	١٧	٢٠ب
٢٣ھو	٣دلا	١٧اد	٦لو
مقصد لکھیں	١٨	٥	٤

برائے پیشاب

اگر کسی شخص کو سوتے میں پیشاب کرنے کی بیماری ہو تو یہ نقش عبارت لکھ کر گلے میں ڈالے دوسرا تکیہ کے نیچے رکھ تیسرا دھو کر پیئے۔

ھمھوا اھی لا لا ہ ہ لا لا لا ھیا ھیا ھیا ھیا ھیا ھیا او او او

برائے زیر دشمن

یہ نقش لکھ کر جمعہ کے روز سے شروع کریں اور چالیس دن تک کریں۔ ایک نقش لکھ کر پرانی قبر میں دفن کریں، دشمن زیر ہوگا۔ نہایت مجرب ہے۔

٨	١	٢
٣	٥	٧
٢	٩	٢

برائے اولاد

اگر کسی کی اولاد ہو کر مر جاتی ہو تو اُسے چاہیے کہ بچے کی پیدائش کے بعد یہ نقش بچے کے گلے میں ڈالے۔

سمع	وملہ	مصح
رحمنہ	مطراو	سحب

دفع بخار

اگر کسی شخص کو بخار ہو اور اُترتا نہ ہو تو یہ نقش لکھ کر تین یوم تک پانی سے دھو کر پلائیں۔

٤	٩	٢
٣	٥	٧
٨	١	٦

برائے دشمن

اگر کسی دشمن کو زیر کرنا مطلوب ہو تو یہ نقش انڈے پر تحریر کر کے زمین یا قبر میں دفن کریں مطلوب زیر ہوگا۔

پروفیسر سید علی حسین شاہ نقوی، ہارون آباد۔

تسخیر عیسیٰ پری

پیارے قارئین و شائقین راہنمائے عملیات! آپ کے لیے تسخیرات کے حوالے سے چند نایاب اعمال لے کر حاضر ہوں۔ پیارے قارئین علم حاضرات و تسخیرات ایک ایسا علم ہے جس کے ہر موڑ پر اُستاد کی ضرورت ہوتی ہے۔ لہٰذا اپنے تحفظ کے لیے کسی کامل اُستاد سے اجازت لینے کے بعد ہی ان اعمال کا قصد کیا جائے۔ ورنہ ناکامی ہے۔

عمل: بسم اللہ الرحمن الرحیم. عزمت و اقسمت علیکم یا اسرافیل یا ھولائیل یا حروزائیل یا اھجمائیل یا رارائیل یا آئیل یا بائیل یا تنکفیل یا طا طائیل یا عیسی أحضرو و للمسخرات والحافرات ان کنتم بحق انجیل عیسی و ما انزل علی عیسی روح اللہ بن مریم بحق ینطوس و پلاطوس یا عیسی مع لواحقہ عیسی حاضر شد حاضر شد العجل العجل الجعل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا بارک اللہ فیکم و علیکم.

طریقہ: عیسیٰ پری کو تسخیر کرنے کا یہ عمل میرا تجربہ شدہ عمل ہے اور مجرب المجرب ہے نوچندی جمعرات سے عمل کا آغاز کریں عمل بعد از نماز عشاء پڑھیں۔ قبل از عمل حصار ضرور کریں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور سندور و صندل سرخ کا بخور روشن کرتے ہوئے عبارت عمل کو 700 مرتبہ پڑھیں۔ سات یوم کا عمل ہے۔ آخری یوم عیسیٰ پری بلمشافہ حاضر ہو کر ہمکلام ہوگی اور ایک نشانی دے گی جسے عامل ہرگز کسی پر ظاہر نہ کرے پھر جب بھی حاضری عیسیٰ پری مقصود ہو تو بتائے ہوئے طریقے پر عمل کریں اور تمام قسم کی معلومات حاصل کریں۔ تسخیر ہونے پر عامل کا ہر کام چشم زن میں بجالاتی ہے۔

مصری حاضرات (ابوذوالنون مصری)

یہ حاضرات میرے سینے کا خاص راز تھا جسے صرف محبوب رسالے کے قارئین کے لیے افشاں کیا ہے اس حاضرات کا عامل بننے کے لیے پہلے اس نقش کی زکوۃ ادا کریں۔ ایک وقت مقرر کر کے نقش کو روزانہ مثلث آتشی چال سے 261 مرتبہ 21 دن تک لکھیں۔ پھر ان نقوش کی آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا نہر میں ڈال دیں۔ بعد از زکوۃ 3 عدد نقش بطور مداومت روز لکھیں۔ پھر جب حاضری کرنی ہو تو اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر آنکھیں بند کروا کر معمول کے سر میں رکھیں۔ انشاء اللہ فی الفور حاضری کھل جائے گی۔ عمل دو سو فی صد مجرب ہے جس کا دل چاہے تجربہ کر کے دیکھ سکتا ہے۔ عمل بہت آسان و تجربہ رسید ہے۔ اس لیے تمام حضرات اس کی قدر کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹۰	۸۳	۸۸
۸۵	۸۷	۸۹
۸۶	۹۱	۸۴

ذہنوں پر انمٹ نقوش ثبت کرتا ہے۔ یہ لوگ پہلی ہی ملاقات میں بے تکلف ہو جاتے ہیں اور وہ بھی اس حد تک کہ آپ یہ محسوس کرنے لگیں کہ نہ جانے کتنی پرانی دوستی ہے۔ بہر حال دیر ہو یا سویر حمل افراد کی ملاقات اور پھر دوستی ایک نعمت سے کم نہیں۔ وہ خود تو جتنے خوش اخلاق ہوتے ہیں اپنی خوش اخلاقی سے دوسرے کو بھی اپنا گرویدہ اور دوست بنا لیتے ہیں۔ ان کی شخصیت میں ایک قسم کی مقناطیسیت پائی جاتی ہے جو بہت ہی کم انسانوں کے حصے میں آتی ہے۔ ان کا ایک ایک عمل اور حرکت دیکھنے والے کو متاثر کرتی ہے۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وہ کسی بھی کام میں مصروف ہوں یا محض بات چیت کر رہے ہوں لاکھ تکان و تناؤ کے باوجود آپ انہیں بالکل تر و تازہ و شاداب پائیں گے۔ اور وہ آپ کی ہر بات کا جواب مسکرا کر خوبصورتی سے دیتے رہیں گے۔ ان کا نقطہ نظر آپ کے ساتھ مکمل شریک ہونا آپ سے حد درجہ ہمدردی رکھنا اور اختلاف رائے کو ختم کرنا ہوتا ہے۔ اسی دوران وہ اپنے بہترین فنِ گفتگو کے ذریعے اپنے موقف کو بھی منوا لیتے ہیں۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

برج حمل کے علامتی نشان مینڈھا ہے جو اپنے حق کے لیے لڑنے مرنے پر تیار رہتا ہے۔ لیکن اگر پہلے ہم اس برج کے تحت آنے والے لوگوں کی مختلف طبیعتوں کی بنیاد پر انہیں دو حصوں میں تقسیم کر لیں تو زیادہ بہتر رہے گا۔ ایک قسم تو وہ ہے جس میں آنے والے لوگوں کی شخصیت مکمل اور پختہ ہوتی ہے جبکہ دوسری قسم کے حمل لوگ ناپختہ شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ پہلی قسم کے لوگ بامقصد منزل کے حصول کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔ ہر کام سیکھنے کی کوشش کرتے ہوئے زندگی کو عملی راہوں پر استوار کرنے کے قائل ہوتے ہیں۔ اس سلسلے میں نہایت روشن خیال، بے جھجک اور فوری عمل کو فوقیت دے کر زندگی کی بازی جیت جاتے ہیں۔ جبکہ ایک ناپختہ شخصیت کا حامل حمل فرد خیالی پلاؤ زیادہ پکائے گا۔ بنا ہاتھ ہلائے سب کچھ پا لینے کا خیال اسے لالچی بنا دیتا ہے۔ ہر لمحہ بے چین اور بے سکون رہتا ہے۔ حمل افراد کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ دوسروں کی جانب سے دیئے جانے والے مشوروں کو پسند کرتے ہیں اور مستقبل کو ہمیشہ روشن دیکھنا چاہتے ہیں۔ دفتر ہو یا گھر ہر جگہ ہر چیز سلیقے اور صفائی سے دیکھنا پسند کرتے ہیں۔

بعض حمل کوئی ایک کام دلچسپی سے نہیں کرتے کیونکہ وہ کمزور قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس پختہ حمل وہ کام کرتے ہیں جو انہیں کرنا چاہیے۔ جب شروع کر لیتے ہیں تو پھر پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہیں۔ اور اسی طرح زندگی کامیاب بناتے ہیں۔

آزادی پسند

عرصہ	21 مارچ تا 20 اپریل
حروف	ا، ل، ع، ی
حاکم کوکب	مریخ
عنصر	آتش
ماہیت	منقلب
حصہ جسم	سر
موافق نگینہ	یاقوت، ہیرا، مرجان
موافق دن	منگل
موافق نمبر	9
موافق رنگ	سرخ، قرمزی، گلابی، پیازی
موافق پھول	گلاب
موافق شریک کار	میزان
موافق افراد	جوزا، دلو
ناموافق افراد	سرطان، جدی
بائیوکیمک نمک	کالی فاس

ظاہری شخصیت:

برج حمل سے تعلق رکھنے والے افراد عام طور پر تندرست و توانا اور مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔ عام لوگ جب ان سے ملتے ہیں تو چاہے ان کی کوئی بات یاد رکھیں نہ رکھیں ان کی شخصیت کا سحر سالہا سال قائم رہتا ہے جو دوسرے کو اس بات کا احساس دلاتا ہے کہ وہ برسوں پرانی ملاقات ہمیں یاد کیوں رہ گئی۔ حمل لوگوں کی پُرکشش شکل و صورت، بہترین انداز گفتگو ملنے والوں کے

حمل فطرتاً آزادی پسند کرتے ہیں۔ اپنی آزادی کی خاطر خود غرضی ان کے نزدیک جائز ہے۔ اگر کوئی حمل بیوی ایک مرتبہ گھر چھوڑ دے تو اس کا انتظار کرنا بے وقوفی ہے۔ خود غرضی یہ بھی ہو سکتی ہے کہ مثلاً حمل بیوی اپنے خاوند سے تو ہر آسائش کی طلب گار رہے لیکن خود اسے کچھ نہ دے سکے۔ بے پناہ قوت مدافعت کے مالک حمل افراد کچھ حد تک طبیعت کے مخالف اثرات قبول کر سکتے ہیں لیکن اس کے بعد ان کی ہٹ دھرمی کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا وہ جو کہتے ہیں منوا کر چھوڑتے ہیں۔

فولادی انسان

حمل بڑے باعمل، محنتی اور سرگرم ہوتے ہیں۔ اچھی زندگی گزارنے کا خواب رکھتے ہیں لیکن اگر اُصولوں پر سمجھوتہ کرنا پڑے تو مفلسی کو ترجیح دیتے ہیں۔ مادی مشکلات انہیں روحانی آسودگی بخشتی ہیں۔

باغیرت اور چاق و چوبند انسان

حمل افراد کافی حد تک باغیرت ہوتے ہیں۔ خوشامد سے نفرت کرتے اور ہر کنویں میں بلا خوف و خطر کود پڑتے ہیں۔ انہیں مشکلات سے لڑنے میں مزہ آتا ہے اس لیے مستعدی سے مقابلہ کرتے ہیں۔ خود بھی چاق و چوبند ہوتے ہیں اور دوسروں سے بھی ہر کام جلد اور درست کرنے کی توقع رکھتے ہیں۔

فکر انگیز پہلو

زندگی میں کامیابی حاصل کرنا ہر انسان کی فطری خواہش ہوتی ہے کامیابی کے ممکن حصول کی خاطر اسے بہت کچھ کرنا پڑتا ہے۔ حمل افراد اس مقابلے میں بہت زیادہ خود غرضی سے کام لیتے ہیں۔ نہایت بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ہر وقت ہر معاملے میں قیادت کا بھوت سوار رہتا ہے۔ ان کا یہ ردعمل درست نہیں ہے۔ کیونکہ سامنے والا جس پر آپ قیادت کا رعب جمانا چاہتے ہیں وہ تو کبھی نہیں چاہے گا کہ آپ کا غلام بن کر رہے۔ ردعمل کے طور پر وہ آپ کے خلاف قدم اُٹھائے گا اس لیے غلط رائے سے بچنے کے لیے حمل افراد کو اپنا یہ عمل درست کر لینا چاہیے۔ حمل افراد فضول خرچ بھی ہوتے ہیں۔ جوانی میں جتنا کماتے ہیں بڑھاپے تک سب ختم ہو چکا ہوتا ہے۔ نہایت حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ اردگرد ہونے والے واقعات انہیں بہت متاثر کرتے ہیں۔ پُرکشش اور ظاہری تاثر کی بناء پر ان کے اردگرد رہنے والے لوگ ان کو لیڈر سمجھتے ہیں، اس لیے کسی مشکل میں بھی ان کی مدد کو آگے نہیں بڑھتے۔ حالانکہ ان کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ اپنا لہجہ ہمیشہ دھیما اور غیر تحکمانہ رکھیں تاکہ دوسرے آپ کے لیے ہمدردانہ اور اچھے جذبات رکھیں۔

حمل خواتین

حمل خواتین مستحکم مزاج، مضبوط کردار، ارادہ اور عزم و حوصلہ کی مالک ہوتی ہیں۔ ان کی کارکردگی عام حالات میں اتنی قابل دید نہیں ہوتی جتنی غیر معمولی حالات کو ہینڈل کرنے میں مثالی کارکردگی انجام دیتی ہے۔ مثبت مقصد کا حصول تو بہتر ہے لیکن ایسی طاقت، توانائی اور غیر معمولی کارکردگی کا استعمال منفی مقاصد میں استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ خاص منصوبہ بندی نہیں کرتیں لیکن اگر کوئی کام شروع کر لیں تو مکمل کرنے بلکہ سب سے پہلے اور بہترین طریقے سے ختم کرنے کی ممکن کوشش کرتی ہیں۔ دوسروں کی جیت کی صورت میں یہ حسد اور جلن بہت جلد محسوس کرتی ہیں۔ جس وجہ سے ڈیپریشن کا شکار ہو جاتی ہیں۔ ضرورت سے زیادہ حساس طبیعت انہیں رقابت، غرور اور سخت گیری جیسے رویے کا شکار بنا دیتی ہے جس پر کنٹرول ضروری ہے۔ حمل خاتون کبھی بھی فالتو وقت کو ضائع نہیں کرتیں بلکہ تعمیری کاموں میں صرف کرتی ہیں۔ حاضر جوابی انہیں سماجی تقریبات میں منفرد کرتی ہے۔ شوہر کا کام کسی قسم کا بھی ہو اس کی مدد کرتی ہیں۔ تعریف کرتے رہنے والے آدمی حمل عورت کے بہترین شوہر ثابت ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں حمل خواتین نہایت چست اور پھرتیلی ہوتی ہیں جو ان کے خوبصورت اور پُر آرائش گھر سے نظر آتا ہے۔ مہمان نوازی حمل خواتین کا خاصہ ہے۔ اپنی تمام تر خوبیوں کے باعث ایک اچھی شریک حیات ثابت ہوتی ہیں۔ حمل بچوں سے بے حد محبت کرنے والی بہترین مائیں جانی جاتی ہیں۔

حمل مرد

جیسے کہ پہلے بھی بتایا گیا کہ حمل افراد کی دو اقسام ہوتی ہیں جو قطعی مختلف ہوتی ہیں۔ اس لیے حمل مردوں کے بارے میں بتائی جانے والی خصوصیات کو تمام حمل مردوں پر لاگو نہیں کیا جا سکتا پھر بھی چند بنیادی عوامل ایسے ہیں جو حمل مردوں کی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ حمل مرد عام طور پر پھرتیلا اور جلد منزل کو پانے کی خواہش رکھتا ہے۔ اچھی منصوبہ بندی کرتے ہیں اور ہر کام بہترین طریقے سے شروع کرتے ہیں لیکن عجلت پسندی کی عادت اور بعض اوقات سستی نقصان کا باعث بنتی ہے۔ صبر و تحمل اور سوچ بچار سے اس نقصان پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ حمل افراد اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے صرف اپنے مفاد کی پرواہ کرتے ہیں۔ جس سے لوگ برا محسوس کرتے ہیں۔ اس طرح ان کی سماجی حیثیت متاثر ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔

بعض حمل مردوں میں ایک ہی وقت میں کئی کام شروع کر لینے کی عادت انہیں پہلے ذہنی انتشار اور پھر ناکامی سے دوچار کرتی ہے۔ حمل مرد دوسروں سے بہت جلد، بہت سی توقعات وابستہ کر لیتے ہیں اور اپنا رویہ ہمیشہ تحکمانہ رکھتے ہیں۔ پھر لوگوں کی طرف سے بے اعتنائی پر قصوروار بھی دوسروں کو ہی ٹھہراتے ہیں۔ حد درجہ تنقیدی ہوتے ہیں۔ شادی سے پہلے ہی اپنی بیوی کے بارے میں ایک تصور قائم کر لیتے ہیں جو بہت خوبصورت چست اور دانش مند شریک سفر کا ہوتا ہے۔ ہر بات دل میں رکھنے کی بجائے کھلم کھلا اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کی رفیق حیات اگر ان کے مطلوبہ معیار پر پوری اُترتی ہو تو پھر ساری عمر اس سے وفا کرتے ہیں۔

حمل بچہ

حمل بچہ دوسرے بچوں کی نسبت ذہین اور دانش مند ہوتا ہے۔ اگر ابتدائی عمر ہی سے اس کی مناسب راہنمائی (جو اس کی خودی کو مجروح نہ کرے) کی جائے تو بڑے ہونے پر انہیں عملی زندگی میں بڑی مدد ملتی ہے۔ وہ نگرانی کا برا مانتے ہیں لیکن اپنی غلطیوں سے سبق حاصل کرنے والے بچے ہوتے ہیں۔ اگر انہیں بچپن سے ہی حقیقت پسندی کی عادت ڈالی جائے تو بہتر رہتا ہے۔ آزادی مجروح ہونے پر بعض حمل بچوں کا ردعمل انتہائی جارحانہ ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت حال میں والدین کو پیار محبت سے کام لینا چاہیے۔ حمل بچہ ہمیشہ لیڈر بننا پسند کرتا ہے۔ بڑے ہونے پر ایک صورت میں تو یہ فوجی، نڈر اور بہادر کام کرنے والے ہو سکتے ہیں اور دوسری صورت میں ایسے کردار کے حامل کہ لوگ انہیں نظر انداز کرنے لگیں۔ ایسی صورت حال سے بچاؤ تب ہی ممکن ہے کہ ابتدائی عمر میں ہی حمل بچوں کے کردار کی

مثبت تعمیر پر توجہ دی جائے اور والدین اپنے آپ کو بطور نمونہ پیش کرتے ہوئے انہیں تنقید کا کوئی موقع نہ دیں۔

برج حمل کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج حمل برج حمل کے ساتھ

حمل مرد حمل عورت

حمل، خاوند ہوتے ہوئے آپ کی خواہش ہے کہ آپ گھر میں "باس" بن کر رہیں ایسے میں اگر حمل زوجہ افہام وتفہیم سے آپ کے اس درجہ کو قبول کر لے تو زندگی اچھی گزرتی ہے۔ آپ کو پُرسکون، خوبصورت اور صاف ستھرا گھریلو ماحول پسند ہے۔ اس لیے حمل بیوی کو چاہیے کہ وہ ان باتوں کا خیال رکھے۔ حمل خاوند ایسی ہی عورت کو پسند کرتا ہے جسے ہر بات بتانی نہ پڑے۔ ایک جیسی عادات ہوتے ہوئے دونوں ٹکراؤ کی بجائے اچھی زندگی گزارتے ہیں۔

حمل عورت حمل مرد

متضاد مزاج کی صورت میں حمل عورت و مرد کی زندگی ہنگامہ آرائی پر مبنی ہوتی ہے لیکن بہ حیثیت حمل شریک حیات آپ کوشش کرتی ہیں کہ حمل رفیق سفر کو اس کی منزل پر پہنچنے میں مدد دیں۔ آپ کی تھوڑی سی مصروفیات حمل مرد کو ناراض کر دیتی ہے۔ ایسے میں آپ لذیذ پکوانوں کی مدد سے بازی جیت سکتی ہیں۔ اگر آپ گھر اور گھر میں آنے والوں کو اچھے طریقے سے دیکھتی ہیں اور حمل خاوند کی ضروریات کی تسکین کرتی ہیں تو آپ کا گھر جنت کا ٹکڑا بن سکتا ہے۔

برج حمل برج ثور کے ساتھ

حمل مرد ثور عورت

اگر آپ حمل مرد ہیں تو غور فرمایئے! جناب آپ کی ثور بیوی میں وہ تمام خوبیاں تو نہیں ہوسکتیں جو آپ چاہتے ہیں پھر بھی اگر آپ ثور بیوی کو اچھے طریقے سے اپنی محبت کا یقین دلاتے ہیں تو وہ آپ کے لیے سب کچھ کرنے کو تیار ہے۔ اپنی تیز روی میں اسے نظر انداز نہ کریں بلکہ اسے ساتھ لے کر چلیں وہ آپ کو کبھی ناامید نہیں کرے گی۔

حمل عورت ثور مرد

بحیثیت حمل بیوی آپ ثور خاوند کے ساتھ ایک بھرپور اور خوشگوار زندگی گزار سکتی ہیں۔ آپ کا ثور خاوند منصوبہ بندی سے عملی میدان میں کودنے والا انسان ہے۔ لہٰذا آپ کا اس پر کسی قسم کا انحصار بے کار نہ جائے گا۔ وہ آپ کی مصروفیات میں آپ کا مددومعاون رہے گا اور جب آپ گھر کو اس کے لیے جنت بنائیں گی تو وہ آپ کی اور گھر کی تمام ضروریات کا خیال رہے گا۔

برج حمل برج جوزا کے ساتھ

حمل مرد اور جوزا عورت

جوزا بیوی کی پُرکشش شخصیت آپ کے لیے باعث فخر ہوگی اس کے علاوہ اس کی ذہانت آپ کو دوسرے اُمور میں بھی مددگار ثابت ہوگی۔ آپ کی جوزا بیوی ہمیشہ آپ کی وفادار ثابت ہوگی۔ چونکہ آپ دونوں کی راہیں کچھ ملتی جلتی ہیں۔ اس لیے آپ ہر قدم سوچ سمجھ کر اُٹھاتے ہیں۔

حمل عورت اور جوزا مرد

برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے مردوں میں عورت کے لیے بہت کشش ہوتی ہے۔ اس لیے آپ اپنی ذہانت سے فوراً بھانپ لیتی ہیں کہ آپ کے خاوند کی کیا ضرورت ہے۔ اس کے ہر مسئلے میں مفید مشورے دیتی ہیں۔ نتیجتاً وہ آپ کو اپنا تسلیم کرتا اور آپ کی ہر ضرورت اپنے ہاتھوں سے پوری کرنے میں خوشی محسوس کرتا ہے۔

برج حمل برج سرطان کے ساتھ

حمل مرد اور سرطان عورت

سرطان بیوی آپ کو طرح طرح کی آزمائشوں میں ڈالے گی۔ بہ حیثیت حمل خاوند آپ کو احتیاط کرنا ہے حسِ مزاح سے محروم سرطان بیوی سے کوئی ایسا مذاق نہ کریں جو اسے ناگوار گزرے ورنہ آپ مشکل میں پڑ جائیں گے۔ آپ پیسہ لٹانے میں ماہر اور آپ کی زوجہ پیسہ بچانے میں مشاق ہیں۔ اس لیے ٹکراؤ سے بچنے کے لیے آپ پر احتیاط لازم ہے۔

حمل عورت سرطان مرد

سرطان مرد کو اپنے کنٹرول میں کر لینا حمل عورت کا کمال فن ثابت ہوگا۔ سرطان مرد بہت کفایت شعار ہوتا ہے اس کے ساتھ ساتھ وہ آپ کی شاہ خرچیوں پر بھی نظر رکھے ہوئے ہے۔ حمل بیوی کی نت نئی چیزوں کی تلاش کی تسکین سب سے بہتر سرطان مرد کر سکتا ہے۔ اس لیے آپ کو ہمیشہ اسی سے رجوع رکھنا چاہیے۔

برج حمل برج اسد کے ساتھ

حمل مرد اسد عورت

آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ کو شوخ و چنچل بیوی ملی لیکن اس کے ساتھ رہنے کے لیے آپ کو اپنے حاسدانہ جذبات کو کنٹرول کرنا ہے کیونکہ اس کا لاجواب حسن و جمال دوسروں کے سامنے آپ کو پریشان کر سکتا ہے۔ بذات خود اس معاملے میں آپ کی شریک حیات مضبوط اعصاب کی مالک ثابت ہوگی۔ آپ کے تحفے اسے آپ کی محبت کا یقین دلاتے ہیں اس طرح وہ آپ کی ہوکر رہتی ہے۔ اس کی آپ کے ساتھ موجودگی باعث فخر و کامیابی ہے۔

حمل عورت اسد مرد

آپ کا اسد خاوند قابل بھروسہ آدمی ہے اور آپ کا بہترین سہارا بھی۔ وہ ہر لمحہ آپ کی مدد کو تیار رہتا ہے اور آپ کی ضرورت کو محسوس کرتا ہے۔ اس لیے آپ کو بھی چاہیے کہ وقت سے پہلے ہی اپنے آپ کو اسد خاوند کی مدد کے لیے تیار رکھیں۔ اسد مرد کو سربراہی کا شوق تو ہوتا ہے لیکن آپ کی محبتوں کے صلے میں وہ کبھی آپ پر بے جا حکم نہیں چلائیں گے۔

برج حمل برج سنبلہ کے ساتھ

حمل مرد سنبلہ عورت

سنبلہ بہت رکھ رکھاؤ والی خواتین ہوتی ہیں اور ایسے ہی لوگوں کو پسند کرتی ہیں۔ سنبلہ خاتون کے ساتھ چند دن گزار کر آپ اسے نہیں جان سکتے۔ وہ ہمیشہ تسلی یقین اور طویل انتظار کے بعد اپنے خول سے باہر نکلتی ہے۔ سنبلہ بیوی کی ناراضگی سے بچنے کے لیے اس پر تنقید نہ کریں۔ وہ آپ کی وفاؤں پر آپ کے نام کی مالا گلے میں ڈال لے گی۔ لیکن آپ کے ساتھ کسی دوسری عورت کا وجود اس کے لیے موت ہے۔

حمل عورت سنبلہ مرد

سنبلہ مرد بہت دھیمے مزاج کے ہوتے ہیں۔ آپ اپنی فہم وفراست اور لائحہ عمل سے اس کے ساتھ اچھی زندگی گزار سکتی ہیں۔ مثلاً گھر صاف اور پُر آرائش رکھیں۔ کچن کے برتنوں پر ستارے چمک رہے ہوں۔ کیونکہ یہ سب سنبلہ مرد کی کمزوریاں ہیں۔ اپنی کمزوریوں کی تسکین کے صلے میں وہ آپ کو مایوس نہیں کرے گا۔

برج حمل برج میزان کے ساتھ

حمل مرد میزان عورت

آپ کی میزان بیوی آپ کے لیے باعث صد افتخار ہے۔ اس کی پُرکشش شخصیت اور ٹھوس دلائل ہمیشہ آپ کو اس کا قائل اور ضرورت مند رکھیں گے۔ آپ کے فیصلے اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچاتے کیونکہ میزان کو آپ کی خوشی عزیز ہے اگر آپ اس سے کچھ چاہتے ہیں تو اس کا بھرپور خیال رکھیں تب وہ آپ کی سانس تک کی حفاظت کرنے والی شریک حیات ثابت ہوگی۔

حمل عورت اور میزان مرد

میزان مرد بحیثیت شریک حیات محبت کے معاملے میں مشکوک رہے گا میزان مرد آپ کی ذہانت اور بہترین اخلاق کا جہاں معترف ہوتا ہے وہاں غلطی ہو جانے پر آپ کو چاہیے کہ بحث وتمحیص سے پرہیز کریں کیونکہ میزان خاوند بحث کو ناپسند اور خاموشی اختیار کرنا پسند کرتا ہے۔ یہی بہتر زندگی کی چابی ہے۔ اگر آپ چاہیں تو یہ چابی اپنے ہاتھ میں بھی رکھ سکتی ہیں۔

برج حمل برج عقرب کے ساتھ

حمل مرد اور عقرب عورت

عقرب بیوی غصے اور نرمی دونوں میں شدت پر ہوتی ہے۔ اس لیے حمل مرد کو اس کے غصے کا مقابلہ نہیں کرنا چاہیے۔ مخالفت کی صورت میں وہ بدلہ لیے بغیر نہیں رہتی۔ آپ دونوں کی متضاد طبیعتیں جھگڑوں کا باعث بنتی ہیں لیکن عقرب شریک زندگی دوسروں پر یہ کبھی ظاہر نہیں ہونے دیتی ہے۔ حمل مرد کے لیے عقرب بیوی کے ہاں میں ہاں ملانا ہی بہتر ہے۔

حمل عورت عقرب مرد

عقرب مرد عقرب خاتون کی طرح ہر حالت میں عروج پر ہوتا ہے۔ حمل عورت کا کوئی کام اسے مرغوب نہیں کرتا اُلٹا ذرا سی کوتاہی پر آپ کے لیے وبال جان بن سکتا ہے۔ آپ کے لاکھ کوششوں کے باوجود اگر وہ محبت کا اظہار کریں تو بھی وہ سطحی ہی ہوگا۔

برج حمل برج قوس کے ساتھ

حمل مرد قوس عورت

قوس عورت کا بہترین باطن اور صاف گوئی حمل مرد کو اس کے بہت سے دوستوں سے محروم کر دیتی ہے۔ حقیقتاً وہ انتہائی قابل اعتماد اور ایمان دار ہے۔ اس لیے آپ حمل خاوند ہونے کی بناء پر اس کی اس عادت پر کچھ محنت سے قابو پا سکتے ہیں۔ آپ کی طرح وہ بھی مصروف رہنا پسند کرتی ہے۔ اچھی بیوی اور بہترین خاتون خانہ ثابت ہوتی ہے۔

حمل عورت قوس مرد

قوس مرد سمارٹ، خوش اخلاق اور کسی حد تک شرمیلے ہوتے ہیں۔ حمل بیوی کو اپنی بات منوانے کے لیے بہترین حکمت عملی تیار کرنی چاہیے۔ قوس خاوند آپ کی شخصی آزادی کا قائل ہے اس لیے وہ آپ پر کوئی پابندی لاگو نہیں کرے گا۔ معاشرے میں آپ کی پُرکشش شخصیت کو اپنے ساتھ فخریہ محسوس کرے گا۔ لیکن گھر سارا آپ کو خود سنبھالنا پڑے گا۔

برج حمل برج جدی کے ساتھ

حمل مرد جدی عورت

جدی بیوی کی نظر میں رہنے کے لیے آپ کو اپنی ذات کو تعمیری کاموں میں مصروف رکھنا ہے۔ ایسی صورت میں جدی رفیق سفر آپ کی مدد کرے گی ورنہ نظر انداز کر دے گی۔ آپ کے مخالفین سے ڈٹ کر مقابلہ کرے گی۔ آپ کی جانب سے حوصلہ افزائی پر وہ خوش رہتی ہے اور اگر آپ سسرال والوں کے بارے میں وقتاً فوقتاً ذکر کرتے رہیں تو یہ امر بھی اس کے لیے باعث افتخار ہوتا ہے۔

حمل عورت جدی مرد

آپ کے نت نئے منصوبے، رجعت پسند جدی خاوند کے ساتھ رہتے ہوئے مسائل پیدا کر سکتے ہیں۔ وہ عقاب کی نگاہ رکھتا ہے لہذا آپ کو ہر معاملے میں احتیاط برتنی ہے۔ اگر آپ گھریلو ماحول پُرسکون رکھیں تو وہ گھر میں رہنا پسند کرتا ہے۔

برج حمل برج دلو کے ساتھ

حمل مرد دلو عورت

حمل مرد کی دلو بیوی اس کی طرح روشن خیال کی مالک ہوتی ہے، حقیقت پسند اور آزاد خیال ہوتی ہے اور آپ کی طرف سے بھی اسی بات کی توقع کرتی ہے۔ آزادی پر قطعی سمجھوتہ نہیں کرتی۔ آپ کے لیے اپنی دلو شریک حیات کو سمجھنا انتہائی مشکل ہے۔ وہ اپنا ظاہر و باطن کبھی آپ پر عیاں نہیں کرتی۔ لیکن اکثر آپ کی ناقابل برداشت باتوں کو نظر انداز کر کے خوش وخرم ماحول قائم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

حمل عورت دلو مرد

آپ کی طرح آپ کا دلو خاوند منصوبہ بندی کا قائل اور مقابلے کا شائق ہے آپ کے سیکھنے کے لیے اس میں بہت کچھ ہے۔ آپ کا دلو مرد اپنی مصروفیات میں آپ کو اپنے ساتھ رکھنا پسند کرتا ہے۔ آپ کی محبت کا جواب محبت سے دیتا ہے، لیکن کبھی کبھی دباؤ کی صورت میں بگڑ سکتا ہے۔ پھر بھی وہ آپ کے لیے ہمیشہ بااعتماد رہے گا۔

برج حمل برج حوت کے ساتھ

حمل مرد حوت عورت

حوت بیوی کی یہ خواہش رہے گی کہ وہ گھر پر حکمرانی کرے آپ اس کے ذہن سے بھی فائدہ اُٹھا سکتے ہیں وہ مخالفین میں آپ کا دفاع کرتی ہے اور ناراضگی

بقیہ صفحہ نمبر 6 پر........

[illegible]

آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

عبدالحئی راٹھور

حمل

عرصہ حکومت	21مارچ تا20اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی

خوش قسمت اعداد	9'7'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا8اپریل

مالی حالات میں خرابی متوقع ہے۔ آپ کے ذہن پر غصہ سوار رہے گا اور آپ اکثر فیصلے یا کام جلد بازی میں کریں گے۔ امتحانی نتائج کو لے کر پریشانی کی کوئی بات نہیں، انشاء اللہ بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ وراثتی مکان یا جائداد کا مسئلہ چلا آ رہا ہے تو حل نہ ہو سکے گا۔ وہ افراد جو مکان یا سواری کی خریداری کرنا چاہتے ہیں ان کو بہتر چیز مناسب قیمت کے ساتھ ملنے کی توقع ہے لیکن اس کے لیے ان کو کافی محنت کرنا ہوگی۔ بیماری طوالت اختیار کر گئی تھی تو اب صحت میں بہتری کے اُمید پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔

9تا16اپریل

حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ پوری طرح حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نیز آپ کو محنت زیادہ کرنی ہوگی اور منافع اُمید کے مطابق نہ ہوگا۔ گاڑی، موٹر سائیکل وغیرہ پر اخراجات ہو رہے ہیں تو وہ بھی قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ خاندان یا عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا تو ہوگا لیکن بہت کم۔ زمین وجائیداد، زیورات کی خرید و فروخت کے لیے یہ وقت آپ کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی، لیکن معاملات جلد حل بھی ہو جائیں گے۔ طالب علم تعلیم کی طرف بھرپور توجہ دیں گے اور

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ درج ذیل عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَسُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

عددی جدول

حروف	عدد
ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ہ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ژ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان پریشانیوں کی وجہ زیادہ تر آپ کا شریک کار ہوگا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہوگا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ آپ کو اپنے دشمنوں کی وجہ سے چند ایک مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کی کوشش رنگ لاتی نظر نہیں آ رہی۔ آپ کے تعلقات اپنے داماد کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔ اگر کسی خطرناک بیماری کا شکار تھے تو صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔

17تا24اپریل

خاندانی یا ذاتی زمینیں ہیں تو وہاں سے آمدن آتی نظر آ رہی ہے۔ وہ افراد جو کرایہ داروں کی تلاش میں ہیں ان کو بھی بہتر کرایہ دار مل جائیں گے۔ ملازمین پر ضرورت سے زیادہ اعتبار نہ کریں۔ وہ آپ کو چکر دینے کی کوشش کریں گے۔ ہمسایوں کے ساتھ منہ ماری ہوگی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے یا نوکری کے سلسلے میں بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو یہ وقت مناسب ہے اپنا ویزہ اپلائی کر دیں۔ تعلیمی حوالے سے یا قانونی نوعیت کے معاملات میں اگر آپ اپنے بہن بھائیوں سے مدد مانگتے ہیں تو وہ آپ کی مدد ضرور کریں گے۔

25تا30اپریل

غیر ضروری اخراجات قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ رواں عرصے میں آپ کے لیے اندرون ملک سفر ممکن ہے جو فائدہ مند رہے گا۔ اعلیٰ درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کو تعلیم کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ رشتے داروں اور بہن بھائیوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ بیرون ملک سفر آپ کے لیے نقصان دہ رہے گا۔

دماغی پریشانیاں دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ بینکوں سے وابستہ معاملات اور کاموں میں پریشانی کا سامنا ہوگا۔ مالی معاملات کے دوران ہوشیار رہیں، آپ کے ساتھ دھوکہ کا امکان ہے۔ آپ کا رجحان فنون لطیفہ اور خط و کتابت کی طرف زیادہ رہے گا۔

سعد تاریخیں	4-22-27
نحس تاریخیں	6-15-19-20
لکی نمبر	4-2-0

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8 اپریل

کاروباری افراد کے کام میں کمی آئے گی۔ نیز کاروبار سے حاصل ہونے والا منافع بھی کم رہے گا۔ بڑے بہن بھائیوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہے تو وہ آسانی سے حل ہو جائے گا۔ سفر کے لیے جاتے ہیں تو اپنے سامان کے دھیان رکھیں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ ہمسایوں کے ساتھ آپ کو بول چال بند رہے گی۔ خاندان کے لوگوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر کھیلتے ہیں تو ان سے فائدہ حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ ماموں، خالہ یا ان کے بچوں سے ملاقات ہوگی۔ زمین یا مکان کی خرید و فروخت کی کوشش کرتے ہیں تو بات پکی نہ ہو سکے گی۔ مزدوری کرنے والے افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔

9تا16اپریل

خواہشات کی تکمیل کے لیے کی گئی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو بھی کام میں پریشانی کا سامنا ہوگا۔ آپ کے تعلقات اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں ان بن ہوتی رہے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کو اپنے دشمنوں اور مخالفوں سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ خراب رہیں گے۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ آپ کا اپنے یار دوستوں سے ملنا جلنا رہے گا، نیز ان کے ساتھ سیر و تفریح پر بھی جائیں گے۔ مذہبی معاملات میں خاصی دلچسپی رہے گی۔

17تا24اپریل

شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ اس کی وجہ آپ کا شریک حیات کی ہر چھوٹی سے چھوٹی بات میں نقص نکالنا ہوگی۔ ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ آپ کی کھٹ پٹ ہوگی۔ وہ آپ کے حسب منشاء کام نہ کریں گے۔ اس عرصہ میں زیادہ تر آپ جلد بازی کا مظاہرہ کریں گے، جس کی وجہ سے مسائل پیدا ہوں گے۔ دوسروں سے آپ کی توقعات زیادہ رہیں گی۔ معاشرے میں اپنی پوزیشن اور روزگار کے حوالے سے سنجیدہ اور مستحکم رویہ رہے گا۔ داماد سے ملنا جلنا رہے گا۔ سیر و تفریح کا پلان بنائیں گے۔ لیکن جانا نہ ہو سکے گا۔ دوران گفتگو احتیاط کریں آپ ایسے الفاظ استعمال کر سکتے ہیں جو دوسرے کو ناگوار گزریں۔

25تا30اپریل

آپ کا شریک حیات کے ساتھ بہتر وقت گزرے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ آپ کے فضول اخراجات قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ آپ

اپنے مخالفوں پر حاوی رہیں گے اور ان کے خلاف پلان بھی بنائیں گے۔ آپ کے رویہ میں خوش مزاجی کا عنصر شامل رہے گا۔ لوگوں سے گفتگو بہت سلیقہ سے کریں گے۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ ان دنوں میں ہونا آپ کے لیے نقصان دہ رہے گا۔ دوستوں اور رشتے داروں سے میل جول رہے گا۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے لیکن اچانک کسی مسئلہ کی وجہ سے منصوبہ کو عملی شکل نہ دے پائیں گے۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔

سعد تاریخیں	2-10-19-20-24-25-29-30
نحس تاریخیں	8-15
لکی نمبر	2-1-0

سنبلہ

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 اپریل

مالی حالات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے آپ کو اپنی جمع پونجی استعمال کرنا پڑے گی۔ وراثتی معاملات بھی آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں کسی قسم کا مسئلہ پیش آئے تو ان کو چاہیے کہ افسران سے رابطہ کریں وہ اس کا بہتر حل نکال دیں گے۔ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، حادثہ ہونے کا خدشہ ہے۔ یار دوستوں سے میل جول زیادہ ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ اگر امتحانی نتائج نکلتے ہیں تو وہ بھی بہت زیادہ خوشگوار نہ ہوں گے۔ پچھلے کچھ دنوں میں اگر کوئی چیز گم ہوئی تھی وہ واپس مل جائے گی۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ ان کی طرف سے پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔

9 تا 16 اپریل

ملازمت پیشہ افراد کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کے اپنی اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ کاروباری حضرات کے کاروبار میں تھوڑی بہت بہتری آئے گی۔ آپ کے تعلقات اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ آپ کو اپنے دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس اور شریک حیات کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ہیں تو وہ ڈیل کے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کی صحت میں خرابی آئے گی۔ آپ کی اپنی اولاد کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔

17 تا 24 اپریل

اپنے کھانے پینے کے معاملات پر کنٹرول رکھیں۔ مالی لحاظ سے یہ عرصہ فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اچانک دولت کا حصول بھی ممکن ہے۔ اخراجات میں کمی آئے گی۔ بانڈ، ریس، لاٹری وغیرہ جیسی چیزوں کی طرف بھی کافی دھیان رہے گا۔ والدہ کی صحت کا خیال رکھیں۔ قریبی رشتے داروں یا ہمسایوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو میرا مشورہ ہے کہ فی الحال وہ کاروبار میں مزید پیسہ نہ لگائیں، کیونکہ ابھی پیسہ لگانا، پیسہ ضائع کرنے والا ہی کام ہے۔ موسیقی وغیرہ سے لطف اندوز ہوں گے۔ دوسرے لوگوں کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔

25 تا 30 اپریل

صحت میں بہتری رہے گی۔ ساتھ ہی خوراک کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ ساس کے ساتھ بول چال بند رہے گی۔ زمین یا سواری وغیرہ خریدنے کے لیے یہ وقت آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کی ترقی کے امکانات رواں عرصے میں کافی ہیں، لیکن اس کے لیے ان کو خود بھی ہاتھ پاؤں چلانے ہوں گے۔ رواں دنوں میں آپ خوف کا شکار رہیں گے۔ اکثر اوقات رات کو سوتے میں برے خواب بھی آئیں گے۔ معاشرے میں اور اپنے اُٹھنے بیٹھنے والوں میں آپ کی عزت اور مقام پہلے کی طرح برقرار رہے گا۔

سعد تاریخیں	4-22-27
نحس تاریخیں	10-15
لکی نمبر	1-2-0

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ظ
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 اپریل

ساس اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ کاروبار کا آغاز کرنے کے لیے موثر تاریخیں نہیں۔ اگر کاروبار کی شروعات کی گئی تو فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوگا۔ سفر کرنے کے لیے بہتر وقت ہے

نیز آپ کا مقصد بھی پورا ہو جائے گا۔ سفر کے دوران اگر آپ خود ڈرائیونگ کرتے ہیں تو حادثہ کا خدشہ ہے۔ اس لیے بہتر یہی ہے کہ ہوائی جہاز، ریل یا بس کے ذریعے مطلوبہ جگہ پر جائیں۔ آپ کی خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ عبادات کی طرف رجحان بڑھے گا۔ مالی معاملات کے حوالے سے دشواری کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہمسایوں سے میل ملاقات ہو گی۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔

9 تا 16 اپریل

انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ اس کی وجہ گھریلو مسائل بھی ہو سکتے ہیں۔ پچھلے دنوں میں آپ کی کوئی چیز گم ہوئی ہے تو وہ ملتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کے اپنے بڑے، بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ قرضہ لینے کے بارے میں سوچ رہے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو اس عرصے میں آپ کو کامیابی نہ مل سکے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس میں فائدہ ہوگا۔

17 تا 24 اپریل

اپنے کھانے پینے کے معاملات پر کنٹرول رکھیں۔ مالی لحاظ سے یہ عرصہ فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اچانک دولت کا حصول بھی ممکن ہے۔ اخراجات میں کمی آئے گی۔ بانڈ، ریس، لاٹری وغیرہ جیسی چیزوں کی طرف بھی کافی دھیان رہے گا۔ والدہ کی صحت کا خیال رکھیں۔ قریبی رشتے داروں یا ہمسایوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو میرا مشورہ ہے کہ فی الحال وہ کاروبار میں مزید پیسہ نہ لگائیں، کیونکہ ابھی پیسہ لگانا، پیسہ ضائع کرنے والا ہی کام ہے۔ موسیقی وغیرہ سے لطف اندوز ہوں گے۔ دوسرے لوگوں کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔

25 تا 30 اپریل

آپ کے فضول اخراجات میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو رواں دنوں میں کوشش کریں، آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے اور آپ کے لیے یہ سفر فائدہ مند بھی ثابت ہوگا۔ ننھیالی رشتے داروں سے میل جول کم رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، میچ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ یار دوستوں سے ملاقات کریں گے اور ان کے ساتھ تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ دوران سفر احتیاط کریں اور اپنے سامان کی حفاظت کریں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

سعد تاریخیں	2-10-15-24-25-29-30
نحس تاریخیں	12-13-19-20
لکی نمبر	9-2-1

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8،3،2،1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 اپریل

خفیہ دشمن اور مخالف آپ کو نقصان پہنچانے اور آپ کے کاموں میں رکاوٹ بنتے نظر آ رہے ہیں۔ جسمانی اور ذہنی سکون کے لیے آپ کو روحانی علاج کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے رابطہ کریں۔ گھریلو حالات خراب رہیں گے۔ ساس اور شریک حیات دونوں کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ اولاد کو لے کر کسی قسم کی پریشانی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اخراجات میں اضافہ بھی ہوگا۔ جس کی وجہ سے آپ مالی معاملات میں بہتری محسوس نہ کر سکیں گے۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ عبادات کی طرف رجحان زیادہ رہے گا اور سکون بھی میسر آئے گا۔

9 تا 16 اپریل

اندرون ملک سفر کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو سفر ممکن نہیں ہے۔ آپ کے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروباری حضرات کو کام میں پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ نیز کاروبار سے حاصل ہونے والے فائدے میں بھی کمی آئے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو کامیابی حاصل ہوگی۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو اس سے بھی آپ کو فائدہ ہوگا۔ حکومتی اداروں اور عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر پریشانی ہے تو وہ بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ صحت میں بہتری آئے گی۔

17 تا 24 اپریل

رواں دنوں میں کوا بکی پوزیشن کاروباری حضرات کے لیے بہت بہتر ہے۔ ان کو اپنے کام سے بہت فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ معاشرے میں عزت و مقام رکھنے والے افراد آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ گھریلو معاملات میں تھوڑا تناؤ رہے گا۔ سواری خریدنا چاہتے ہیں تو اس کام کے لیے یہ وقت بہتر نہیں ہے۔ نہ ہی آپ کو اپنی اُمید کے مطابق چیز مل سکے گی۔ اولاد آپ کی عزت میں اضافہ کا باعث

بنے گی۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت رہے گی۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ معاملات میں خرابی آئے گی۔ ان سے وابستہ کام بھی حل نہ ہو سکیں گے۔

25 تا 30 اپریل

قرضہ لینا چاہتے ہیں کوشش کریں ان دنوں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ کام حل ہو جائیں گے۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ اس کی وجہ آپ کے حکم/باتوں پر عمل نہ کرنا ہو گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ صحت میں بہتری آئے گی علاوہ ازیں ہسپتال میں داخل ہیں تو ان کی طرف سے آپ کو چھٹی مل جائے گی۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی، ان سے اور چند ایک پرانے دوستوں سے بھی ملنا جلنا ہو گا۔

سعد تاریخیں	1-4-27
نحس تاریخیں	8-15
لکی نمبر	7-2-4

قوس

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 اپریل

انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی مالی فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف رجحان رہے گا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی مسائل ہیں تو وہ ان دنوں میں حل ہو جائیں گے۔ لوگوں سے بہت زیادہ اُمیدیں وابستہ نہ کریں یہ آپ کے کام نہیں کریں گے۔ ظاہری اور خفیہ دشمن دونوں آپ کے لیے مسائل پیدا کرتے نظر آ رہے ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ سیر و تفریح کا پلان بنائیں لیکن جا نہ سکیں گے۔

9 تا 16 اپریل

آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ آپ اپنا مال رفائی کاموں میں بھی خرچ نہیں کریں گے۔ قانونی نوعیت کے مسائل ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے کئی ہوتے ہوئے کام بھی رُک جائیں گے۔ قرضہ لینے کا ارادہ کر رہا ہے تو اس ارادے کو عملی شکل دینے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی نیز ان کے ساتھ وقت گزارنے میں خوشی محسوس کریں گے۔ اندرون ملک سفر کے بارے میں پلان بنایا ہے تو کوشش کریں ان دنوں میں چلے جائیں گے۔ یہ سفر شریک حیات کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے اور اکیلے بھی۔ آپ کو ماں کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔

17 تا 24 اپریل

بیرون ملک سفر کے خواہشمند لوگوں کے لیے یہ وقت بہتر ہے ان کو چاہیے کہ ویزے کے لیے اپلائی کریں۔ رواں دنوں میں گھریلو حالات خوشگوار رہیں گے۔ آپ کو گھریلو سکون بھی میسر رہے گا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ وہ ملازمت پیشہ افراد جن کو ترقی ملنے کے امکانات ہیں، یہ خوشخبری ان کو رواں عرصے میں نہ مل سکے گی۔ آپ اپنا مال رفائی کاموں میں خرچ کریں گے۔ والدہ کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا فائدہ مند ثابت نہ ہو گا۔ ٹی وی پروگرام اور فلمیں وغیرہ دیکھنے میں آپ کا وقت گزرے گا۔

25 تا 30 اپریل

اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو رواں دنوں میں کریں، آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ یہ سفر شریک حیات کے ساتھ بھی ممکن ہے۔ مکان یا سواری لینا چاہتے ہیں تو یہ عرصہ آپ کے لیے سعد نہیں ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آئے گی اور اس سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا مفید رہے گا۔ رواں دنوں میں آپ اپنی زندگی میں پریشانیوں کو اپنے اوپر حاوی رکھیں گی۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ رشتے داروں اور ہمسائیوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ مال کسی ایسی جگہ پر استعمال کرتے نظر نہیں آتے جہاں سے کسی فائدہ کی توقع نہ ہو۔ عمر میں بڑے لوگوں سے اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے اور ان کی طرف سے بہتر مشورہ بھی ملے گا۔

سعد تاریخیں	2-6-15-19-20-29-30
نحس تاریخیں	8-17
لکی نمبر	8-0-6

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5

خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 اپریل

مالی حالات بہتر رہیں گے۔ سواری کی مرمت پر اخراجات ہوں گے۔ وہ افراد جو نئی سواری خریدنا چاہتے ہیں ان کی یہ خواہش پوری نہ ہو سکے گا۔ قانونی مسائل کا شکار ہیں تو کوشش کرنے پر یہ مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ سفر پر جانے اور سفر سے وابستہ اُمور کو سرانجام دینے کے لیے اچھا وقت ہے۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ لیکن اگر یہ کام میں بہتری کے حوالے سے نئی سکیمیں بنائیں تو نقصان اور پریشانی کم ہوگی۔ وہ افراد جو ملٹی نیشنل فرموں اور کمپنیوں میں نوکری حاصل کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں، ان کو کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ انٹر لیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کا دھیان تعلیم کی طرف کم رہے گا۔ دشمنوں کی طرف سے کسی قسم کی پریشانی کا اندیشہ نہیں۔

9 تا 16 اپریل

آپ کو مالی حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ کاروباری حضرات کے کام میں بہتری آئے گی۔ دوران ڈرائیونگ احتیاط کریں کسی حادثہ کا شکار ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو درپیش مسائل بھی حل ہو جائیں گے۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔ جس کی وجہ سے آپ کے کئی کام حل نہ ہو سکیں گے۔ خواہشات کی تکمیل میں پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ آپ کا رجحان مذہبی اُمور کی طرف رہے گا۔ نیز مذہب کے حوالے سے آپ کتب کا مطالعہ بھی کریں اور مذہبی محفلوں میں بھی شرکت کریں گے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔

17 تا 24 اپریل

وہ افراد جو قرضہ لینا چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ رواں دنوں میں کوشش کریں، کامیابی ملے گی۔ اس عرصہ میں بیرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے موزوں نہیں ہے۔ ذہنی پریشانی کا شکار تھے تو وہ دور ہو جائے گی۔ صحت بہتر رہے گی، اور کھانے پینے کے معاملات کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔ خط و کتابت اور کمپیوٹر کا استعمال زیادہ کریں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں یا قریبی رشتے داروں کے ذمے کوئی کام لگایا ہے تو وہ حل ہو جائے گا۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں کم خرچ کریں گے۔ رواں دنوں میں زبان کا بے جا استعمال آپ کے لیے پریشانی لا رہا ہے۔

25 تا 30 اپریل

مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ رواں دنوں میں مال کی لین دین کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں عرصے میں ممکن نہیں۔ بہتر ہوگا اگر آپ اس فیصلے کو آنے والے وقت پر منتقل کر دیں۔ ملازمت کی تلاش میں ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ عمرہ کے لیے بیرون ملک سفر ممکن ہے۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ علوم مخفی میں آپ کی دلچسپی زیادہ رہے گی۔ ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔

سعد تاریخیں	4-22
نحس تاریخیں	6-12-13-19-20
لکی نمبر	4-0-9

دلو

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس

منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 اپریل

گھریلو معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ کسی کو رقم بطور قرض دی ہوئی ہے تو اس کے واپس ملنے کے امکانات بن رہے ہیں۔ سفر کرنے سے گریز کریں، مقصد میں کامیابی نہ مل سکے گی۔ حادثہ کا بھی خدشہ ہے۔ انعامی سکیموں اور لاٹری کی طرف رجحان بڑھے گا، نیز کامیابی ملنے کی توقع بھی ہے۔ مالک مکان سے مکان کی مرمت یا کرایہ کا مسئلہ چل رہا ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ لڑائی جھگڑے کریں گے۔ دشمنوں میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف پوری طرح نہ ہوگی۔ یہ کتابیں پڑھنے میں تھکاوٹ محسوس کریں گے۔ خواہشات کو پورے کرنے کے لیے کافی محنت کریں گے، نیز اس حوالے سے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔

9 تا 16 اپریل

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی تھی تو اب تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کی توجہ اپنی ذات کی طرف کم رہے گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کو چھوٹے موٹے مسائل کا سامنا رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی رہے گی۔ دشمنوں کی وجہ سے مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ آپ کی اپنی ساس کے ساتھ ان بن رہے گی۔ ساس ہیں تو بہو

کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

17تا24اپریل

شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ دونوں سیر وتفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ آپ کے مالی حالات بہتر رہیں گے۔ ساس کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوگی۔ انعامی سکیمیں یا لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے بڑا انعام حاصل نہ کر پائیں گے۔ آپ اپنی خواہشات اور اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے بھرپور محنت کریں گے، لیکن چند ایک خواہشات ہی پوری ہو سکیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا۔ مالیاتی لین دین کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ بینکوں سے وابستہ کام پورے ہو جائیں گے۔

25تا30اپریل

یار دوستوں سے ملنا جلنا رہے گا ان کے ساتھ سیر وتفریح کے پلان بنائیں گے اور جائیں گے بھی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کی اکثر خواہشات اور تمنائیں رواں عرصے میں پوری نہ ہو سکیں گی۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر زیادہ رہے گی۔ صحت میں بہتری آئے گی۔ مالی مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ اولاد کی صحت کے حوالے سے پریشانی ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔

سعد تاریخیں	6-10-19-20-24-25
نحس تاریخیں	8-12-13
لکی نمبر	6-1-5

حوت

عرصہ حکومت	19فروری تا20مارچ
منسوبی کواکب	مشتری،نیپچون
منسوبی حروف	ج،د
خوش قسمت اعداد	9،6،3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا8اپریل

قانونی معاملات اور وراثتی معاملات مزید پیچیدگیاں لیتے نظر آئیں گے۔ اگر قانونی مقدمات کا حل نکلا بھی تو آپ کے لیے بہتر نہ ہوگا۔ غیر ضروری گفتگو سے باز رہیں، کیونکہ آپ کی زبان سے ایسے الفاظ نکل سکتے ہیں جو آپ کو لوگوں کی نظر میں برا بنا دیں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کا کام چلتا رہے گا، لیکن ان کے لیے بہتر ہے کہ نئی سکیمیں بنائیں جن کے ذریعے ان کی دکانداری بڑھے گی۔ خاندان کے لوگوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ عمر میں بڑے لوگوں اور حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔

9تا16اپریل

لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں، چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے، اور ساتھ ہی یہ معاملہ قانونی نوعیت کی شکل بھی اختیار کر سکتا ہے۔ آپ کے اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ نیز ان کے ساتھ ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں کافی محنت کرنا پڑے گی۔ اگر کسی شخص نے آپ سے قرضہ لیا ہوا ہے تو قرضہ کی رقم واپس ملتی نظر آ رہی ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں چند ایک مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ قانونی نوعیت کے مسئلے کا شکار ہیں تو وہ حل ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں۔

17تا24اپریل

ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ رواں دنوں میں دور ہو جائے گی۔ اس عرصہ میں آپ اپنی ذات پر خاص توجہ دیں گے۔ خفیہ دشمنوں کی طرف سے پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ صحت بہتر رہے گی۔ ذہنی پریشانی تھی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ شریک کار سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہو سکیں گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائے گا۔ رواں دنوں میں آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرتے ہیں تو آپ کو اپنے مقصد میں اُمید کے مطابق کامیابی نہ مل سکے گی۔

25تا30اپریل

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ آپ شریک حیات کے ساتھ سیر وتفریح کے لیے جائیں گے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ ملازمت سے منسلک افراد کو نوکری کے حوالے سے کام کا دباؤ اور تناؤ پیدا ہوگا۔ آپ کے فضول اخراجات قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ آپ کو اپنے مخالفوں سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔ آپ اپنے دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں ہیں۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر کم رہے گی۔ اپنی اشیاء کی حفاظت کریں، گم ہونے یا چوری کیے جانے کا اندیشہ ہے۔ رواں عرصے میں دال کا صدقہ دیں دے تو آپ کے لیے بہتر ہے۔

سعد تاریخیں	22-27
نحس تاریخیں	10-17
لکی نمبر	8-9-2

☆☆☆☆☆

دماغی کمزوری کا نباتاتی علاج

دماغ پورے بدن کا محافظ ہوتا ہے۔ اسکی صحت ذرا سی بھی بگڑ جائے تو بدن کے سارے نظام متاثر ہوتے ہیں لیکن ضعف دماغ ایسا مسئلہ بن گیا ہے جسے نظرانداز کیا جائے تو کئی دماغی پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ کچھ لوگ بچپن میں ذہنی طور پر پسماندہ ہوتے ہیں جو عمر گزرنے کے ساتھ دماغ کی ذہنی استعداد میں محروم ہو جاتے ہیں مگر کچھ انسانوں کا دماغ و ذہن صحت مند ہونے کے باوجود بعض نفسیاتی وجسمانی مسائل کی بنا پر ضعف کا شکار ہو جاتا ہے۔ جس سے یادداشت متاثر ہونے لگتی ہے اور قوت حافظہ کمزور ہو جاتی ہے۔ دماغ کی کمزوری عمر کے ساتھ بڑھتی رہتی ہے۔ عصر حاضر میں الزائمر جیسے مرض نے دماغی مرض کو نمایاں کر دیا ہے۔ تسلسل کے ساتھ یادداشت میں کمی اور اس مسئلہ کو نظرانداز کرنے، ناقص غذاؤں سے ذہنی استعداد کم کرنے والی ادویات کے استعمال سے بالخصوص بلڈ پریشر ڈپریشن، ذیابیطس کی ادویات کھانے والے اور معدہ کی بیماریوں مثلاً تبخیر معدہ، آنتوں کے انفیکشن، بواسیر اور قلت خون کی بیماری انیما میں مبتلا رہنے والوں کو نسیان کا مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ الزائمر ایک قسم کی بھول (نسیان) کا نام ہے جس میں دماغ کے خلیات تباہ ہو جاتے ہیں۔ جن کا تعلق یادداشت سے ہوتا ہے۔ نسیان کے مرض کے بڑھنے سے انسان کی یادداشت سوچنے سمجھنے کی صلاحیت اور جذبات میں انحطاط آنے لگتا ہے۔ اگر ضعف دماغ بالخصوص جب یادداشت کم ہونے لگے اور قوت حافظہ متاثر ہو کر پڑھا لکھا بھول جائے حتیٰ کہ دوستوں اور عزیزوں اور گھر والوں کے نام بھولنے لگیں، دن تاریخیں تہوار اور مہینے یاد نہ رہیں تو دماغ کی کمزوری کے اسباب تلاش کرنے چاہیں۔

دماغی کمزوری کا ایک سبب دائمی نزلہ زکام بے خوابی، افتاد طبع ہے تو وہاں اعصابی تھکن اور جنسی بے اعتدالی بھی ہے۔ جو نوجوان بلوغت کے زمانے میں غلط ماحول میں پرورش پاتے ہیں انہیں جریان واحتلام اور ضعف نازک، لیکوریا یا بندش ایام جیسے امراض برقرار رہنے سے ضعف دماغ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسکے علاوہ کچھ بچے کند ذہن ہوتے ہیں۔ جن کا پڑھائی میں دل نہیں لگتا۔ ایسی صورت میں اگر انہیں دماغی صورت بہم پہنچانے والی غذائیں کھلائی جائیں تو ان کی دماغی قوتیں اور صلاحیتیں بڑھ سکتی ہیں۔ جس سے وہ افراد معاشرے کے لئے مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔ چند غذائی نباتاتی علاج یہاں درج کئے جاتے ہیں۔

☆ طبی دوا کا اطریفل کشنیز حسب ہدایت استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ نزلہ زکام بواسیر اور معدہ کی خرابی سے متاثر ہونے والی یادداشت بحال کرتا ہے۔ جبکہ دماغی صحت کے لئے خمیرہ گاؤزبان سادہ اور عنبری، خمیرہ گاؤزبان جواہر، عود صلیب والا بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

☆ ورچ (Calamus) کو اگرگندھا بھی کہتے ہیں۔ یہ خوشبودار قومی محرک مخرج خصوصیات کا حامل پودا ہے۔ جس کی جڑیں طبی افادیت سے بھرپور ہیں۔ اسکی جڑوں کا سفوف تین گرام تک روزانہ استعمال کرنے سے قوت حافظہ بڑھتی ہے اور ضعف دماغ کا مرض جاتا رہتا ہے۔

☆ زیرہ عام طور پر گھریلو کھانوں میں ذائقہ کی خاطر استعمال ہوتا ہے۔ لیکن زیرہ کے بیج مرض نسیان کو ختم کرنے اور قوت حافظہ بڑھانے کا باعث بنتے ہیں۔ تین گرام کالا زیرہ، بارہ گرام خالص شہد میں ملا کر روزانہ ایک ماہ تک چاٹنے سے مقصد پورا ہو جاتا ہے۔

☆ برہمی بوٹی کے پتے یادداشت کی کمزوری کا تدارک کرتے اور قوت حافظہ بڑھاتے ہیں۔ تھوڑی مقدار میں پتوں کا سفوف ایک گلاس پانی کے ساتھ کھانا چاہیے۔ برہمی بوٹی کے تازہ پتوں کا رس نکال کر اس میں شہد ملا کر روزانہ پیا جائے تو یادداشت تیز ہو جاتی ہے۔

☆ ضعف دماغ کے لئے آملہ کا مربہ کھانا چاہیے۔ آملہ میں وٹامن سی بکثرت مقدار میں پایا جاتا ہے۔ شہد کے ساتھ آملہ کا استعمال دل ودماغ اور بصارت کو تقویت دیتا ہے۔ آملہ طویل العمری اور سدا بہار صحت قائم رکھنے کے لئے بیش قدر پھل ہے۔ حکما اور جدید تحقیق نے بھی آملہ کو معدہ، گنٹھیا، امراض قلب، ذیابیطس اور نظام ہضم کے لئے ایک مفید پھل قرار دیا ہے۔

☆ شہد توانائی بخش غذا ہے جو قدرت کا انسان کے لئے آسانی تحفہ ہے۔ روزانہ ایک چمچہ شہد پانی یا دودھ میں ملا کر پینے سے اعصابی اور دماغی قوت بحال رہتی ہے۔ جس سے ضعف دماغ کا مرض پیدا نہیں ہوتا۔

☆ دہی میں ایسے اجزاء ہیں جو آنتوں کے انفیکشن کو روکتے اور معدہ کی خشکی اور تبخیر سے بچاتے ہیں۔ ضعف معدہ کے باعث دماغی ہیجان پیدا ہوتا ہے۔ جس سے یادداشت متاثر ہونے لگتی ہے۔ دہی کھانے والوں کی عمر دراز ہوتی ہے اور صحت برقرار رہتی ہے۔ دہی میں ایک چمچہ شہد ڈال کر میٹھا کر کے کھایا جائے تو دہی میں موجود تیزابی جرثومے امونیا نہیں بننے دیتے جس سے جگر ودیگر اعضا کا نظام درست رہتا ہے۔ اور دماغ سے کمزوری، چڑچڑاپن اور دباؤ کا غبار ختم ہو جاتا ہے۔

☆ بادام دماغ اور اعصاب کی قوت کو برقرار رکھتے ہیں۔ بیشتر یونانی ٹانک بادام کے بغیر نہیں بنتے۔ روزانہ سات گریاں چھلکا اتار کر ناشتے سے قبل کھانے اور بعد ازاں ایک گلاس دودھ پینے سے دماغی قوتیں بڑھتی ہیں۔

محمد افضل چشتی، ڈیرہ غازی خان

حُب و تسخیر عملیات

برائے حُب

یہ نقش برائے حب مشتری یا زہرہ کی ساعت میں تحریر کر کے مٹی میں گولی بنا کر آگ میں جلائیں، مطلوب حاضر ہوگا۔

٩	١	٢
٣	٨	٧
عو	٩	٤

برائے حُب

اگر کسی کا محبوب ناراض ہو جائے تو یہ نقش ساعت مشتری یا زہرہ میں محبوب کے کپڑے پر تحریر کر کے نئے چراغ میں تلوں کا تیل ڈال کر جلائے محبوب حاضر ہوگا۔

"ولھھـــــــہ ولھھـــــــہ"

برائے حُب

اگر کوئیں شخص اپنے محبوب سے محبت میں اضافہ چاہے تو یہ نقش مشک و زعفران سے لکھ کر چنبیلی کے تیل میں جلائے منہ چراغ کا مطلوب گھر کی طرف رہے گا۔

سلح	هو	ملح	مسجد
امو	ملح	ملاع	سمع
طلس	سلح	سلح	اسلح

ط ١١٩١۷٩١۷٩١١١

ط ١٩١٩٢٤١١۷٩١١١٦٩١١

ط ١١عمو۷١١٩١۷٥

عمل حُب

اگر محبت میں اضافہ کے لیے یہ نقش ٹھکری پر سات یوم لکھ کر آگ میں ڈالے تو بے شک مراد ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

ط ٦١ ٩ ١١ ٦ ـــــ ط ـــــ ٦١ ١١ ٦ ـــــ ہ

برائے مطلوب

اگر دو افراد میں محبت کروانا مقصود ہو تو یہ نقش خرگوش کی کھال پر لکھ کر مطلوب کے گھر دفن کر دیں، محبوب محبت میں دیوانہ ہوگا۔

نقش مبارک یہ ہے۔

ط ط ط س هم ح ح ط ع ع ع طا طا طا حسا حسا رص رص رص لا لا لا لو لو لو رو و ک ک

برائے مطلوب

اگر کسی کو اپنی طرف مائل کرنا ہو تو مطلوب کے کپڑے پر یہ نقش تحریر کر کے آگ میں جلائے۔ مطلوب بے چین ہوگا۔ درج ذیل نقش چنبیلی کے چراغ میں جلانا ہے۔

دوک ١٠ م حاط ع ع دو ص ص ١١١ ح ١١ ع ١١ ع

١٩٩ و ١١ سر ح ١ ٥ ٥ حاما ٥٥ ع ع

اس ح ررر م ع ع اب د ررر ح ١١١ ح ١١١ عا ١١ ع ع

برائے حُب

اگر کسی کا مطلوب اُس سے ناراض ہو جائے تو اس طلسم مشک کو زعفران سے تحریر کر کے بکری کے دل میں رکھ کر آگ میں جلائے مطلوب حاضر خدمت ہوگا۔

٨١٨١١٨٨٩١١١ ١١١ ١١ ١٢۔

عـــم ا ط ہ لــــــہ البـــلاد جـــمـــع
بـــــہ لــــو ا ا ا ا هســـع رور حـــــرا
هبــعـــراع ومـــا الســـرحـــسـراهـطـــس

ورست ماثر ط

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں حرک اک ادک حرک اک ادک کو نائن سوھا.

برائے حب

میاں بیوی کی محبت اگر کم ہو رہی ہو تو یہ نقش پاک کاغذ سفید پر مشک و زعفران سے لکھیں شہد لگا کر آٹے میں گولی بنا کر آگ میں جلائے، نقش یہ ہے۔

وقطے ٩٩٨٣٢

ماسٹر شوکت علی بروہی، ٹھٹھہ، سندھ

قارئین کرام! معلوم رہے کہ تحریک انصاف کے سربراہ جناب عمران خان نیازی کے زائچہ پیدائش پر اب تک کافی مواد چھپ چکا ہے۔ ان کے زائچہ پہ جولائی ۱۹۹۵ سے مختلف منجمین کے آراء اور مضامین میری نظروں سے گزر چکی ہیں۔ عمران خان صاحب کی تین تاریخ ولادت ۱۵ اکتوبر ۱۹۵۲ء ہے۔

اس بحرانی اور مہنگائی اور کرپشن لاقانونیت کے دور میں پاکستانی عوام کے خیالوں کے محور عمران خان بن گئے ہیں۔ لوگوں کے ذہنوں میں آج کل یہ سوال اٹھ رہا ہے کہ کیا متوقع انتخابات کے بعد عمران خان ملک کے حکمران بن کر تحریک انصاف کے پلیٹ فارم سے ملک میں انصاف کا راج قائم کریں گے اور کرپشن اور لاقانونیت اور لوٹ مار سے ملک کے ہر عام و خاص کو نجات دلائیں گے۔ ملک میں تاریخی جلسے ہوئے ہیں کیا ان میں عوام کی بڑی تعداد میں شرکت وغیرہ اور دوسرے اہم افراد کی تحریک انصاف میں شمولیت کے بعد آئندہ ملک کے سیاہ وسفید کے مالک ہوں گے۔ ان ساری باتوں کو مدنظر رکھ کر بندہ احقر العباد ماسٹر شوکت علی بروہی نے یونانی نجوم کے تحت قلم اٹھایا ہے۔

آئیں دیکھیں کہ یونانی نجوم کے مطابق ان کو زندگی میں ملک، ملک کی حکمرانیت کا عہدہ مل سکے گا آئندہ؟

یونانی علم نجوم یعنی سیانہ سسٹم کے مطابق

تحریک انصاف کے سربارہ جناب عمران خان کے زائچہ پیدائش میں طالع برج قوس ہے۔ طالع کے درجہ پر مریخ کا قران ہے۔ جو کہ سیارہ مریخ کے خصائل کے مطابق سیارہ فرد کو حقوق آزادی کیلئے تیار کرتا ہے۔ بہت خواہشات اور بیرونی بھاگ دوڑ کے کاموں میں ہمت دیتا ہے۔ بلا تکلفی سچائی کو پسند کرتا۔ ایسا فرد کسی کام کے انجام کے لئے تیز تر کرتا ہے۔ مجاہدانہ طریقوں پر یعنی قوت سے کام لینے کو پسند کرتا ہے۔ نئی اسکیموں اور کاموں کی ترغیب دیتا ہے۔ زائچہ میں کسی فرد کی فطرت اور عادات اطوار کا علم دریجان سے ہوتا ہے۔ اس زائچے میں پیدائش کے وقت طالع کے درجہ پر تیسرا دریجان برج حمل کے زمرے آجاتا ہے۔ جس وجہ سے برج حمل کے مطابق حکمرانیت نڈر اور بے باکی کے گن صفات آپ کی شخصیت میں مہم جوئی بھی لاتا ہے۔ طالع کا مالک سیارہ مشتری پانچویں گھر سے طلوع ہے جو کہ کھیل کود اور رومانٹک باتوں سے منسوب ہے۔ جس کی تثلیث نظر طالع میں قابض سیارہ مریخ سے ہے۔ مریخ بھی کھیل، مقابلہ اور مہم جوئی سے منسوبی سیارہ ہے۔ جس وجہ سے عمران خان بنیادی طور پر ایک مانے ہوئے کھلاڑی کے نام پر جانے جاتے تھے۔ طالع برج قوس ہے۔ برج قوس کا حاکم سیارہ مشتری ہے۔ مشتری کا تعلق مذہب سے ہے۔ اس لئے ان افراد کی فکر و نظر مذہب کی طرف معلومات زیادہ رکھتے ہیں۔

زائچہ پیدائش
مورخہ ۱۵ اکتوبر ۱۹۵۲ء بوقت ۴۵-۱۱ منٹ قبل دوپہر بمقام (لاہور)

برج قوس دو فطرت کا مالک ہوتا ہے ایک جانب بالکل شریف النفس مذہبی ہوتے ہیں دوسرے طرف عیاش الطبع ہوتے ہیں۔

برج قوس بلحاظ حلیہ ،لمباقد،خوش وضع ،نقش خوبصورت اعضاء، بیضوی اور کچھ لمباچہرہ ،لمبی گردن، بھورے یا سرخی مائل بال پیشانی پر اُگے ہوئے، عمدہ اور دلنشین آنکھیں جو نمایاں اور گہری بھوری ہوں۔لمباناک جو کچھ کچھ عقابی قسم کا ہو۔کان وناک بڑے ہوتے ہیں۔طالع میں مریخ کی موجودگی پہ مضبوط گٹھا ہوا اورزشی چہرہ سے سرخ وسفید جھلک سی ظاہر ہوتی ہے۔بھوری آنکھیں ،آنکھیں ابھری ہوئی اورنمایاں ابرو،نشیبی یا ڈھلوان پیشانی عموماً چہرہ پر کوئی نشان ہوتا ہے۔

صاحب زائچہ کے تصویر پر ایک نگاہ ڈالی جائے تو مذکورہ بالا تحریر منسوبات آپ کو بخوبی نظر آئیں گی جو کہ زائچہ کی درست ہونے میں معاون ثابت ہوں گے۔

اس زائچہ میں قمراور مشتری یکجا ہیں جو کہ خوش قسمتی کی اوردولت مندی کی دلیل ہے ۔ایسا فرد زندگی میں بہت کامیابیاں حاصل کرتا ہے۔خوداعتادی کی دولت سے مالا مال اوراعلیٰ اخلاق کا مالک ہوتا ہے۔ایسے لوگ نہایت ہی اچھی صحت کے مالک ہوتے ہیں۔عام طور پر ذاتی کاروبار کے مالک بھی ہوتے ہیں۔ دین کے معاملات کی اچھی معلومات ہوتی ہے۔

قمراور مشتری کے یکجا ہونے پر فرد مخیر دوسروں کی مدد کرنے والا ہوتا ہے۔ خوش قسمت مثبت سوچ کا مالک مذہب سے لگاؤ بھی ہوتا ہے۔ان کو سفر سے فائدہ ملتا ہے۔

زائچہ میں مریخ اور مشتری کی تثلیث نظر ہے جو کہ مادی معاملات میں کامیابی اورترقی کے کئی مواقع دیتا ہے۔مضبوط جسمانی ساخت، جسمانی کھیلوں کا شائق اور باہمت بناتا ہے۔قمراور مشتری کی اتصال پر شہرت عام کامیابیاں،طویل زندگی سیاسی یا سوشل جماعتوں کی صدارت لاتا ہے۔

مذکورہ بالا نظریات کے مطابق احکامات عمران خان کے زائچہ سے ان کی زندگی میں لاگو ہوتے ہیں۔موازانہ کر کے دیکھیں۔

زائچہ میں ساتویں گھر کا مالک سیارہ عطارد وتد السماء میں شرف یافتہ زحل کے ساتھ قران کررہا ہے اورزحل حالت غروب میں شمس کے ہمراہ ہے۔دوسرے گھر میں زہرہ ہے۔

نتیجہ:عمران خان کی شادی امیر اورشہرت یافتہ گھرانے میں ہوئی ۔قمری برج سے ساتویں گھر میں زہرہ ہونے سے خوبصورت امیر کبیر عورت جمائما سے شادی ہوئی۔زہرہ زوال کے برج عقرب میں کمزور ہوگیا۔طلاق کی دلیل ہے۔ اورزائچہ کے ساتویں گھر میں ذنب قابض ہے جو کہ شادی کے بارے میں ایک ٹریجڈی کی حالت پر دلالت کرتا ہے۔قمراور زہرہ کے درمیان نحس نظرات رکھتا۔

نیز زہرہ نحس اورزوال میں ہے اور یورانس ساتویں گھر میں موجود ہے۔یہ ساری علامتیں علیحدگی اور طلاق کی دلیل ہیں۔

آپ کا نکاح ۲۱ مارچ ۱۹۹۵ء کو ہوا تھا۔اوراسی روز شادی کی رسم بھی ادا پائی تھی۔اس روز قمر منقلب برج میں تھا۔جس پر زحل کی نظر تھی جس نے فراق اور جدائی کے اسباب پیدا کئے۔اس وقت طالع کے مالک مشتری اور ساتویں گھر کے مالک عطارد کی مقابلہ کی نظر تھی۔فقط ساتویں گھر میں عطارد کے ساتھ زہرہ کا قران تھا۔جو شادی کا سبب بنا۔جس سے مراد خوبصورت عورت جمائما کی مرضی زیادہ شامل تھی۔طالع میں موجود قمر طالع کے مالک مشتری کے ہمراہ پانچویں گھر (بیت العشق) میں قابض ہے۔صاحب زائچہ نے اپنے پیار محبت کرنے والوں سے نقصان کا خطرہ بھانپ لیا تھا۔اچھا ہوا جیسے کہاوت ہے کہ آئی توروزی ٹلی تو بلا۔

عمران خان کے طالع کا مالک سیارہ مشتری پانچویں گھر میں قمر کے ہمراہ ہے اور محبت کے سیارہ زہرہ کے برج ثور میں واقع ہے۔اس لئے جب تک آپ کھیلوں کی دنیا میں سرگرم تھے تو اسی دوران ان کے غیر ممالک کی حسیناؤں سے رومانٹک پیار محبت اوراسکینڈل کے چرچے عام تھے۔مورخہ ۲ جنوری ۱۹۹۶ء کو طالع

کا مالک سیارہ مشتری سیاست کے برج جدی میں داخل ہوا اور اس کا مالک سیارہ زحل تیسری سوچ و بچار کے گھر میں حرکت پذیر ہوا تو ان کے شعور و ادراک میں تبدیلی آئی۔ جس بنا پر عمران خان نے سیاست کی طرف رخ اختیار کر لیا۔ ماضی کے رجحانات کو یکسر تبدیل کر کے مورخہ ۲۵ اپریل ۱۹۹۶ کو ۱۱ بج کر ۵۱ منٹ صبح اپنی سیاسی پارٹی بنانے کا اعلان کیا۔ جس کو تحریک انصاف کے نام سے روشناس کرایا گیا۔

معلوم رہے کہ عمران خان نیازی کی سوانح حیات کے مطابق حالات کا موازانہ نجوم کے ادوار سیارگان کی رو سے ۱۹۶۶ میں ماضی میں بندہ احقر نے کی ہے ایک بار پھر اہم واقعات کو حرکت سیارگان اور ادوار سیارگان کے زوایہ پر درج ذیل تحریر و تبصرہ کریں گے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

آپ کو معلوم رہے کہ چند ماہرین کا شکوہ ہے کہ یونانی زائچہ پر احکامات ادوار سیارگان کے رو سے لاگو نہیں ہوتے۔ ہم یہاں پر اس کا تفصیلی جواب دیتے ہیں کہ حضور والا ملک کے ماہر حضرات کاش البرنی اور استاد کلیم حجازی علم کو سچا ثابت کرنے کے لئے یونانی زائچہ جات پر دور سیارگان کو کیوں اہمیت دی؟

یہاں تک کہ استاد کلیم حجازی ادوار سیارگان کے مطابق جنرل ضیاء الحق کا یونانی زائچہ بنا کر ان کی موت کی درست پیشین گوئی کی تھی۔!!! جبکہ ہندی نجوم کے مطابق ادوار اور زائچہ غلط ثابت ہو گیا تھا۔

عمران خان کے زائچہ پیدائش کے پانچویں گھر میں دو سیارے قمر اور مشتری قابض ہیں۔ پانچواں گھر اولاد سے منسوب ہے یہاں پر دو سیارگان کی موجودگی کی بنا پر ان کے دو بیٹے ہوئے۔

طالع میں قابض مریخ سیارہ کا دور اکبر مورخہ ۲۲ ستمبر ۱۹۶۴ تا ۲۲ ستمبر ۱۹۷۱ تک جاری رہا۔ جس میں پانچویں کھیلوں کے منسوب گھر میں قمر کی موجودگی کے بناء پر قمر کا دور اصغر مورخہ ۲۲ فروری کو جاری ہوا۔ اور ۲۲ ستمبر ۱۹۷۱ تک جاری تھا۔ جس دوران عمران خان ۱۳ جون ۱۹۷۱ کو کرکٹ ٹیم کے ممبر بنے تھے۔ زائچہ میں قمر اتصال مالک طالع مشتری درخانہ پنجم ہے اور طالع میں کھیلوں اور جرات کے سیارہ مریخ سے نظر تثلیث ہے جس وجہ سے آپ نے کھیلوں کی دنیا میں آکر ترقی کی۔ اس عرصہ میں زحل برج ثور کی ۲۹ ڈگری پر تھا اور مشتری ۲۸ درجہ برج عقرب میں حرکت کر رہا تھا دونوں بڑے سیاروں کی مقابلہ کی نظر بنی تھی۔ گو کہ مریخ کے دور اکبر میں قمر کا دور اصغر بہتر ثابت ہوا۔ راس طالع میں قابض ہو کر طالع مندی کا سیارہ بن گیا ہے۔ راس کا دور اکبر مورخہ ۲۲ ستمبر ۱۹۷۱ء تا ۲۲ ستمبر ۱۹۸۹ تک جاری رہا۔ مورخہ ۴ ستمبر ۱۹۷۹ تا ۲۲ مارچ ۱۹۸۲ کو عطارد کا دور اصغر جاری ہوا۔ جس دوران ۱۹۸۲ کو بالآخر آپ کو کرکٹ ٹیم کا کپتان بنا دیا گیا۔ عطارد دسویں حکمرانی کے گھر میں قابض ۱۹۸۲ کو زحل شرفی برج میں حرکت کرتے ہوئے پیدائش زحل شرفی برج میں حرکت کرتے ہوئے پیدائشی زحل سے قران کیا۔

عطارد کا اپنا اثر نہیں ہوتا ہے وہ جس حالت کے سیارہ سے ملتا ہے اس کا ہی اثر دیتا ہے۔ اس زائچہ میں عطارد کا قران شرف یافتہ زحل سیارہ سے ہے۔

طالع کے مالک سیارہ مشتری کا دور اکبر مورخہ ۲۲ ستمبر ۱۹۸۹ تا ۱۶ سالہ دور اکبر جاری تھا جو کہ ۲۲ ستمبر ۲۰۰۵ تک جاری رہا۔ مشتری کا دور اکبر طالع مندی اور عروج کا دور ثابت ہوا۔ جس کے عرصے میں زحل کا دور اصغر مورخہ ۱۰ نومبر ۱۹۹۱ تا ۲۲ مئی ۱۹۹۴ تک جاری رہا۔ سیارہ مشتری کے دور اکبر میں زحل کا دور اصغر ۲ سال ۶ ماہ اور ۱۲ دن کا ہوتا ہے اگر زائچہ میں زحل قوی ہو تو ملازمت یا کاروبار مالی فائدے اور کامیابیاں ظاہر کرتا ہے۔ زمین اور جائیداد میں کامیابی لائے گی ذمہ دارانہ پوزیشن اور عزت میں اضافہ کرے گا۔ ۱۹۹۲ کو طالع کا مالک مشتری دسویں گھر میں عروجی حالت میں تھا۔ دور اکبر مشتری میں زحل کا دور اصغر جاری تھا۔ زحل اپنے برج دلو میں دوسرے گھر سے مشتری کے ساتھ تثلیث نظر میں تھا۔ جس کے نتیجے میں ۱۹۹۲ کو آپ انڈیا میں کھیلے جانے والے ورلڈ کپ ٹورنامنٹ کے نتیجہ میں فاتح کے حیثیت سے وطن واپس آئے، ملک کا نام کرکٹ کے میدان میں بلند کیا۔ زحل ہی کے دور میں ۱۹۹۱ میں پہلے کینسر ہسپتال اور نمل یونیورسٹی کا قیام بھی ان کا تاریخی کارنامہ ہے۔ جس سے آپ کی عزت و شہرت کو چار چاند لگ گئے۔ زائچہ کے ساتویں گھر پر سیارہ عطارد کی حکمرانی ہے۔ مورخہ ۲۲ مئی ۱۹۹۴ تا ۲۸ اگست ۱۹۹۶ تک جاری رہا۔ دور اکبر مشتری میں عطارد اگر قوی ہو تو اس کے دور اصغر میں خاندانی خوشیاں شادی ہوتی ہے۔ عطارد ساتویں گھر کا مالک ہے جس وجہ سے مذکورہ عرصے میں ۲۱ جون ۱۹۹۵ کو آپ کی شادی برطانیہ نژاد ایک خوبصورت امیر گھرانے میں ہوئی جو کہ ۲۰۰۴ تک بیوی ساتھ رہی جس کے بعد طلاق ہوگئی۔

زائچہ پیدائشی نوانشہ میں طالع کے مقام پر میزان کا نوانشہ استخراج ہوتا ہے۔میزان شمسی برج بھی ہے۔میزان کا مطلب ہے ترازو، ترازو کا تعلق تولنے اور انصاف کرنے کا ہے۔جس وجہ سے صاحب زائچہ نے زندگی تحریک انصاف کے نام کردی۔زائچہ کے دسویں گھر میں طالع زہرہ کا مالک زہرہ قابض ہے جو کہ اقتدار حاصل کرنے کی دلیل ہے۔مشتری نویں گھر میں ذرائع ابلاغ اور قانونی دلیل، دلائل دینے اور سننے کی دلیل ہے۔صاحب زائچہ ممالک غیر سے رجوع ہوا اور غیروں سے تعلق قائم تھے۔۲۵ اپریل ۱۹۹۶ کو طالع برج اسد اعلان تحریک انصاف کے اعلان کے زائچہ میں نمودار ہے۔طالع کا مالک سیارہ شمس دسویں گھر میں براجمان ہے مگر وہاں پر کمزور حالت میں ہے۔مگر دسویں گھر کا مالک زہرہ خانہ گیارہوں پارلیمان میں اوج کی حالت میں ہے۔

پلوٹو اور یورنس اور زحل نے جب ۱۹۹۶ کی ابتداء میں بروج تبدیل کیے تو تحریک انصاف نے جنم لیا۔

عالمی شہرت یافتہ کرکٹر عمران خان نے کینسر ہسپتال اور منفرد شادی کے بعد جب تحریک انصاف کی بنیاد ڈال کر سیاست میں قدم رکھا تو عام و خاص افراد میں حیرت کا سماں تھا۔اگر ہم پیدائش زائچہ کے رو سے دیکھیں کہ عمران خان کے ذاتی زائچہ میں فقط ۶ ڈگریاں برج قوس کے تحت آتی ہیں اور ان پر مریخ ضم ہو گیا ہے۔اور طالع کا مالک مشتری ہے۔پانچویں گھر میں فقط آپ کو کھلاڑی کی حد تک رکھا۔مگر پورے زائچہ پر اگر تحقیق کیا جائے تو بقیہ ۲۹ ڈگری یعنی پوری ایک برج سے ایک درجہ کم۔برج جدی پر طالع محیط ہے۔۴۰ سال قبل وہ ایک کھلاڑی تھے جب دوسرا حصہ زائچہ کا دیکھا جائے تو برج جدی اور سیاست کے سیارہ زحل کی حکمرانی نظر آئے گی۔جو کہ وتد السماء یعنی دسویں گھر میں حالت شرف کا ہے۔مگر غروب میں ہونے کے سبب اب تک کوئی واضح ترقی نہ کی تھی۔

زائچہ تحریک انصاف میں زحل نویں گھر میں ہے اور مریخ بھی اس کے ساتھ ہے۔گھر سیاست دانوں کی نیند اور عوام پر بے توجہی کے لحاظ سے تحریک انصاف کی بنیاد ڈال دی گئی ہے۔جس کے در پردہ اسٹیبلشمنٹ قوتوں کا عمل دخل ہے۔

جب الٹ پلٹ کرنے والا سیارہ عمران خان کے طالع برج قوس میں داخل ہوا تو بڑی الٹ پلٹ کا عمل شروع ہوگیا۔ایک کرکٹر نے ملک کی سیاست میں قدم رکھا۔چوتھے گھر میں صوبہ پنجاب سے منسوب برج عقرب میں پلوٹو طالع کے مالک شمس اور عطارد سے مقابل میں ہے۔صوبے کے اثر رسوخ رکھنے والے افراد اپنے مرضی کے مطابق اقتدار کو چلانے والوں کو چیلنج کرنے کا عندیہ دے رہے ہیں۔

خانہ ۱۰ کا مالک زہرہ عروجی حالت میں خانہ پارلیمان میں براجمان ہے۔ مگر طالع برج اسد کے مالک شمس سے اسکی کوئی نظر نہیں مشتری طالع کا مالک برج جدی میں ہبوطی برج کا ہو کر چھٹے گھر میں ہمراہ یورنس اور نیپچون کے قابض ہے جو

کہ صاحب زائچہ کی دشمنیوں میں گھرے رہنے کی دلیل ہے۔ مگر اس میں بیرونی آقاؤں کا ہاتھ ہے۔ زحل اور مریخ نویں گھر برج حمل میں ہے۔ برج حمل ملک کے لحاظ سے انگلینڈ یعنی برطانیہ سے وابستہ ہے۔ تحریک انصاف کو برطانیہ کا ہاتھ ہونا دکھائی دیتا ہے۔

یورنس زائچہ ثابت کے لحاظ سے ساتویں عوام کے گھر میں قابض ہے جو کہ عوام میں حقوق آزادی اور انقلاب لانے اور شعور لانے کا عندیہ ملتا ہے۔

علاقائی طور پر کسی تبدیلی نظام کی دلیل واضح دکھائی دے رہی ہے۔ گذشتہ برس ۲۰۱۱ کو زحل کی حالت شرف میں پیدائشی زحل پر گزر ہوئی تو آپ کی شہرت و عزت اور عظمت کو چار چاند لگ گئے ہیں۔ اس سے قبل ۲۰۱۰ میں آپ نے سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے کافی محنت کی ہے۔ زحل اگر دسویں گھر میں شرفی حالت کا ہو کر غروب میں نہ ہوتا تو اب تک ملک کے بڑے عہدے پر کسی نہ کسی طرح فائز ہو جاتے۔ پھر بھی شرف یافتہ زحل نے ایک بار پھر ان موصوف کے وقار کو زندہ کر دیا ہے۔ مشتری کی پیدائش قمر پر گزر ہونے پر ان کو کافی عوامی پذیرائی اور تائید حاصل ہوئی ہے۔ ملک کے بڑے سیاسی شخصیات نے ان کی جماعت تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کر لی ہے۔ اور ملک کے بڑے بڑے شہروں میں جلسے جلوس کر کے اپنے کامیابی اور شہرت کا لوہا منوایا ہے۔ ۲۶ جون ۲۰۱۲ کو سیارہ زحل مستقیم ہو کر دوبارہ شرف حالت میں دسویں گھر میں گزرے گا۔

مجوزہ الیکشن کے موقع پر طالع کا مالک سیارہ مشتری زائچہ ثابت کے مطابق ۱۲ جون سے ساتویں گھر میں داخل ہو جائے گا، تو الیکشن کی تیاری کے لئے سرگرمیاں تیز کریں گے۔ ماہ اکتوبر کے نصف میں مشتری ۵ا درجہ پر ہو کر اثر انداز پھل دے گا۔ طالع کے مالک مشتری کو اس وقت رجعت ہوگی، اس لئے آپ کو امیدوں میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوگی۔ مگر مشتری سعد سیارہ ہے حالت رجعت میں اور بھی سعدیت میں اضافہ ہو جائے گا البتہ پریشانیوں کا سامنا ضرور کرنا پڑے گا۔ آپ کا سیارہ مشتری ۲۰۱۳ میں حالت شرف میں ساتویں گھر میں ہو گا۔ جس دوران آپ کو صوبائی حد تک اعلیٰ کامیابی نصیب ہوگی اور آئندہ راج دربار میں اچھی رسائی ہوگی۔ ان کے اتحادی لوگوں کی جیت ہوگی۔ یونانی نجوم کے مطابق آپ کا زائچہ پیدائش قوی نہیں ہے۔ اس لئے آپ ملک کے حکمران بننے سے عاری رہیں گے۔ صاحب موصوف کے زائچہ کے آٹھویں گھر میں پلوٹو کی موجودگی پر حفاظت جان پر خصوصی توجہ کی ضرورت رہے گی۔ مزید برآں طالع کا مالک مشتری اور دسویں گھر کا مالک زہرہ دونوں وبال میں ہو کر ایک دوسرے سے مخالفانہ نظر رکھتے ہیں اسی لئے ملک کی حکمرانی کی خواہش مخدوش نظر آتی ہے۔ ملک میں ہونے والے آئندہ الیکشن میں بھی کسی پارٹی کو واضح اکثریت حاصل نہ ہو سکے۔ جس کے نتیجہ میں مخلوط حکومت کا قیام عمل میں آئے گا۔

زحل کی برج عقرب میں آمد سے آئندہ کا حکمران مسلم لیگ (ق) سے ہوگا اور ایسی پارٹیاں یا جماعتیں جن کو ماضی میں فوج کی حمایت حاصل رہی ہے انہیں نمایاں حیثیت حاصل ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

حضرت ابو ایوب انصاریؓ

گھر پہنچے تو ام ایوب نے پوچھا یہ لونڈی کس کی ہے تو آپؓ نے جواب دیا کہ "ہماری ہے۔ نبی کریم ﷺ نے ہمیں عنایت فرمائی ہے"۔ یہ سن کر ام ایوبؓ نے کہا کتنا عظیم ہے عطا کرنے والا اور کتنا عمدہ ہے یہ عطیہ"۔ "اور آپ ﷺ نے ہم کو اس کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید فرمائی ہے"۔ جناب ابو ایوبؓ نے دوبارہ کہا "ہم اس کے ساتھ کون سا رویہ اختیار کریں کہ آپ ﷺ کی ہدایت پر پورا پورا عمل کر سکیں؟"

